
روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات
سورۃ فاتحہ
سے
مشکلات کا حل
اقبال احمد مدنی

روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے تیر بہدف عملیات

# سورۂ فاتحہ سے مشکلات کا حل

مؤلف..........اقبال احمد مدنی

Ph:2773302

شمع بک ایجنسی
نوید اسکوائر
اردو بازار
کراچی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

نام کتاب — سورۂ فاتحہ سے مشکلات کا حل
مؤلف — اقبال احمد مدنی
ناشر — شمع بک ایجنسی
پرنٹر — خالد پرنٹر
قیمت — -/40 روپے

**اسٹاکسٹ**

**صابری دارالکتب**
قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور

یونس بک ڈپو — اردو بازار لاہور
عوامی کتاب گھر — اردو بازار لاہور
فہیم بک ڈپو — اردو بازار لاہور
اشرف بک ایجنسی — اقبال روڈ راولپنڈی
کتاب گھر — اقبال روڈ راولپنڈی
شمع بکسٹال — ریگل روڈ فیصل آباد

رشید نیوز ایجنسی — فریئر مارکیٹ کراچی
الحبیب نیوز ایجنسی — اسٹیشن روڈ حیدر آباد



# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| سورۂ فاتحہ کی اہمیت | 5 | رشتہ کے لیے | 22 | مفلسی سے نجات | 39 |
| وبائی امراض سے بچاؤ | 6 | ڈراؤنے خواب | 23 | مقدمہ میں کامیابی | 39 |
| وجع المفاصل اور کرم دماغ | 6 | دشمنی ختم ہو | 23 | مصائب سے نجات | 40 |
| نہایت مشکل حاجت کیلئے | 7 | دشمن سے بچاؤ کے لیے | 24 | مختلف امراض سے بچاؤ | 41 |
| میاں بیوی میں محبت کیلئے | 8 | درندوں سے حفاظت | 25 | مشکل سے نجات | 41 |
| حاجت روائی کے لیے | 9 | درد داڑھ کے لیے | 25 | گمشدہ کے لیے | 42 |
| ہر بیماری کے لیے | 10 | مشکلات کا حل | 26 | محبت میں کامیابی | 42 |
| شادی کے لیے | 10 | افسر کو مہربان کرنا | 27 | رزق میں فراوانی | 43 |
| ناگہانی مشکل کا حل | 11 | حاجت روائی | 27 | مہمات کے لیے | 43 |
| زوجین میں محبت کیلئے | 11 | جھوٹ سے بچاؤ | 29 | قید سے رہائی | 43 |
| مقدمہ میں کامیابی کیلئے | 12 | تنگ دستی دور ہو | 29 | حاجت روائی | 44 |
| لاعلاج بیماریوں کیلئے | 12 | تسخیر افسران کے لیے | 30 | فتوحات میں کامیابی | 45 |
| کامیابی قدم چومے | 13 | بے چینی دور ہو | 31 | غم سے نجات | 46 |
| کاروبار میں ترقی | 14 | بلند مرتبہ حاصل ہو | 31 | فالج کے لیے | 46 |
| قوت حافظہ مضبوط ہو | 14 | بچھو کے زہر کے لیے | 32 | عزت و مرتبہ کے لیے | 47 |
| حاجات کے لیے | 15 | بخار کے لیے | 32 | علم میں اضافہ | 47 |
| دعائے قبولیت | 16 | اطمینان قلب | 32 | ظالم کے شر سے بچاؤ | 48 |
| عہدہ میں ترقی | 16 | امتحان میں کامیابی | 33 | سر میں پانی بھر جانا | 48 |
| عزت و مرتبہ میں اضافہ | 16 | قرض کی ادائیگی | 34 | سفر میں کامیابی | 49 |
| عبادت میں توجہ کے لیے | 17 | آسیب سے چھٹکارا | 34 | سینے کی سوزش | 49 |
| مزاج میں نرمی پیدا کرنا | 17 | دلی مراد کے لیے | 35 | رزق میں اضافہ | 50 |
| شیطانی وسوسے سے نجات | 18 | بیماری سے نجات | 35 | راستے کا بھولنا | 50 |
| طاعون سے بچاؤ | 18 | تمام بیماریوں کا علاج | 36 | رزق میں کشادگی کیلئے | 50 |
| سنگدلی دور ہو | 19 | نظر بد سے بچاؤ | 36 | روزگار میں اضافہ | 51 |
| محبت و اتفاق کے لیے | 20 | آدھے سر کا درد | 37 | دینی و دنیاوی حاجات | 51 |
| زبان بندی | 21 | بد نظر سے بچاؤ | 37 | دکان میں ترقی | 52 |
| روزگار میں ترقی | 21 | ناراضگی دور ہو | 38 | آنکھ میں درد | 52 |

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| دشمن کو زیر کرنا | 53 | پریشانی کا حل | 68 | زہر کے لیے | 81 |
| دریا کا سفر | 53 | ٹانگ کے درد کے لیے | 69 | روزگار میں ترقی | 82 |
| خوش حالی کے لیے | 54 | جنگ میں کامیابی | 69 | حاجات کے لیے | 83 |
| خسرہ سے بچاؤ | 54 | حاجات کے لیے | 70 | درد میں افاقہ | 85 |
| حصول عزت | 55 | دکھتی آنکھوں کے لیے | 70 | دشمن پر غلبہ | 85 |
| حمل قائم رہنا | 55 | دشمنی ختم کرنا | 71 | خاوند کی محبت کے لیے | 85 |
| مختلف حاجات کے لیے | 55 | دل کے امراض | 71 | خسرہ سے بچاؤ | 86 |
| خلائق میں مقبول ہونا | 56 | رزق میں برکت | 72 | پیٹ درد کے لیے | 86 |
| خلائق میں عزت و مرتبہ | 57 | سر درد کے لیے | 72 | پیٹ درد | 86 |
| تیر بہدف نسخہ | 57 | صالح اولاد | 72 | حاجت روائی | 87 |
| تسخیر کے لیے | 58 | علوم میں کشائش | 73 | بخار کے لیے | 87 |
| پریشانی دور ہو | 60 | قوت حافظہ میں اضافہ | 73 | بخشش طلب کرنا | 87 |
| مشکلات کا حل | 60 | کالی کھانسی کے لیے | 74 | قرض کی ادائگی | 88 |
| بے خوابی کے لیے | 61 | کھیل میں کامیابی | 74 | اسقاط حمل سے بچاؤ | 88 |
| پٹھوں کا درد | 61 | گمشدہ چیز کی بازیابی | 74 | اولاد کے لیے | 89 |
| بری عادات سے چھٹکارا | 61 | لاعلاج مریض کے لیے | 75 | اچھے برتاؤ کے لیے | 89 |
| قلب کی صفائی | 62 | مضبوطی قلب | 75 | بیماری سے شفا | 89 |
| اولاد کا حصول | 63 | مرگی کا علاج | 76 | اولاد کی زندگی | 90 |
| باری کے بخار کے لیے | 63 | میاں بیوی میں محبت | 76 | آفات و بلیات سے نجات | 90 |
| آنکھوں کے امراض کیلئے | 64 | نسیان کے لیے | 77 | بلند مرتبہ کے لیے | 91 |
| آنکھوں کے امراض | 64 | نظر اتارنے کے لیے | 77 | حاجت کے لیے | 91 |
| آسیب دور کرنا | 65 | پریشانی سے نجات | 77 | حافظہ کے لیے | 92 |
| محبت کے لیے | 65 | مراق، سودا کے لیے | 78 | درد قولنج سے بچاؤ | 92 |
| مشکلات کا حل | 66 | گمشدہ کی تلاش | 78 | دل کی گھبراہٹ کے لیے | 92 |
| اللہ تعالیٰ کی خوشنودی | 66 | خوش قسمتی کے لیے | 79 | دماغ کی کمزوری | 93 |
| نیک اولاد کے لیے | 66 | فراخیٔ رزق کے لیے | 79 | دینی و دنیاوی حاجات | 93 |
| بدزبانی دور کرنے کیلئے | 67 | شیطان کے شر سے بچاؤ | 80 | دشمن پر غلبہ | 93 |
| برائی سے محفوظ | 67 | عبادت میں لطف حاصل ہو | 80 | جملہ حاجت روائی | 94 |
| [illegible] سے شفا | 68 | زخم ٹھیک کرنے کے لیے | 81 | | |




# سورۃ فاتحہ کی اہمیت

قارئین! زیادہ تر لوگ سورۃ فاتحہ کی اہمیت سے واقف نہیں اور اسے ایک عام سی سورۃ سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ مگر اس سورۃ کی اہمیت اللہ تعالیٰ نے بہت زیادہ رکھی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہر نماز میں اس سورۃ کو اول پڑھا جاتا ہے۔ یعنی اس کے بغیر کوئی بھی نماز مکمل نہیں۔ لہٰذا اگر بغور اس سورۃ کا جائزہ لیا جائے تو اس سورۃ کی افادیت اور اہمیت سے انکار نہیں۔ تمام دکھ پریشانی، غم و اندوہ اور مشکلات کا حل سورۃ فاتحہ کی تلاوت اور ورد میں مضمر ہے۔ کوئی بھی نیک اور جائز حاجت یا مشکل ایسی نہیں جو سورۃ فاتحہ کی برکت سے حل نہ ہو۔ ہر طرح کی جائز مراد اس سورۃ کی برکت اور اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی سے پوری ہو جاتی ہے۔

قارئین! بعض لوگ یہاں تک کہتے ہیں کہ اس سورۃ میں "اسم اعظم" پوشیدہ ہے اور یہ اسم اعظم ہی کی حقیقت ہے کہ اس سورۃ کا ورد اور تلاوت کے بعد، اللہ کے حضور دعا کے لیے ہاتھ اٹھتے ہیں تو دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے۔ اور مشکلات سے حاجت مند کی جان چھوٹ جاتی ہے۔ مشکلات میں گھرے ہوئے لوگوں کے لیے سورۃ فاتحہ واقعی بڑی اہمیت کی حامل ہے اور تھوڑی سی محنت کے بعد حاجت مند خوش و خرم ہو سکتا ہے۔ صدق دل سے اس سورۃ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے گھر بیٹھے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ تمام مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لیے سورۃ فاتحہ بڑی موثر و کارآمد ہے۔

## وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے

ہر طرح کی وبائی امراض سے محفوظ رہنے کے لیے سورۃ فاتحہ کا نقش اپنے پاس رکھنا باعث برکت ہوتا ہے اگر کسی جگہ پر وبائی امراض کے پھیلنے کا خطرہ ہو اور کوئی صورت مرض کی روک تھام اور تدارک کی دکھائی نہ دیتی ہو تو باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ کا حرفی نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے، بچہ ہو یا بڑا ہر ایک کے لیے یکساں مفید ہے۔ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ مرض سے محفوظ رکھتا ہے، اپنے حفظ واماں میں رکھتا ہے اور ہر طرح کے مرض سے بچاتا ہے۔ اگر مرض میں مبتلا پہنے تو اسے جلد شفا حاصل ہو۔ وبائی امراض پھیلنے کے دوران اگر کسی پر مرض کا حملہ ہو بھی جائے تو جلد صحت یاب ہو اور ہر طرح کے خطرہ سے محفوظ رہے گا۔ بزرگان دین نے سورۃ فاتحہ کے اس نقش کی بہت زیادہ فضیلت و خاصیت بیان فرمائی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سورۃ فاتحہ ہر طرح کے امراض سے بچاؤ کا شافی علاج ہے۔ اس کی برکت سے مریض جلد شفا پاتا ہے بچوں کو گلے میں پہنانے کے بعد نقش کے احترام کا خاص طور پر خیال رکھنا ضروری ہے۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الحمد اللہ | رب العلمین | الرحمٰن | الرّحیم |
| مالک | یوم الدین | ایاک نعبد | وایاک نستعین |
| اھدنا | الصراط المستقیم | صراط الذین | انعمت علیھم |
| غیر المغضوب | علیھم | ولاالضالین | امین |

## وجع المفاصل اور کرم دماغ کے لیے

جو کوئی وجع مفاصل اور کرم دماغ کے امراض میں مبتلا ہو کسی طرح بھی



آرام نہ آتا ہو علاج کروا کر تنگ آ چکا ہو اس کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنا امراض کا شافی علاج ہے۔

ایسا ہی ایک مریض حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تعالیٰ گولڑہ شریف کی خدمت میں حاضر ہوا اور مرض کی شکایت کی آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کرنے سے مرض کے مقام پر ہاتھ پھیرنا چاہیے انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

## نہایت مشکل حاجت کے لیے

اگر کسی کی کوئی ایسی مشکل حاجت ہو جس کے پورا کرنے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ سورۃ فاتحہ کا عمل اس طرح سے کرے کہ اول غسل کر کے جسم کو پاک کرے صاف ستھرے کپڑے پہنے خوشبو لگائے چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو یہ عمل کرے قبلہ رو ہو کر بیٹھے سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین بار آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد تین تین مرتبہ چاروں قل شریف پڑھے اتوار کے دن باوضو حالت میں ۵۸۲ مرتبہ سورۃ فاتحہ اسی پڑھے یعنی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ

پھر اگلے روز سوموار کو ۶۱۸ مرتبہ یہ پڑھے

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

منگل کے دن ۲۴۲ مرتبہ یہ پڑھے۔

مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ

بدھ کے دن ۶۳۶ مرتبہ یہ پڑھے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن

جمعرات کے روز ۱۰۷۳ مرتبہ یہ پڑھے۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم

جمعہ کے روز ۱۸۰۷ مرتبہ یہ پڑھے۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ

ہفتہ کے دن ۱۳۰۴ مرتبہ یہ پڑھے۔

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّالِّیْنَ آمین

سات دن تک بلا ناغہ سورۃ فاتحہ کو اسی ترتیب سے توجہ و یکسوئی سے پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی حاجت روائی کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم میں دلی حاجت پوری ہو جائے گی۔

## میاں بیوی میں محبت کے لیے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو آپس میں سلوک ومحبت نہ ہو ہر وقت جھگڑے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اب اول ساٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد پھر چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارک اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے اور پھر سورۃ مکمل کرے اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو



پلائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار ومحبت میں بدل جائیگی دونوں کے مابین سلوک واتفاق کی فضا قائم ہو جائیگی۔

## حاجت روائی کے لیے

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کی غرض سے سورۃ فاتحہ کا یہ عمل بہت جلد اثر دکھاتا ہے جو بھی حاجت جو کسی کو درپیش ہو اور باوجود کوشش کے پوری نہ ہوتی ہو تو اس مقصد کے لیے چاہئے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں اتوار، جمعرات یا جمعہ کے دن سے اس عمل کو اس طرح سے شروع کرے کہ ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک پڑھے بہتر یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد پڑھے۔ اگر ترک جمالی وجلالی اختیار کرے اور خلوت میں بیٹھ کر پڑھے تو بہت ہی بہتر ہے ورنہ جس طرح بھی پڑھ سکتا ہو پڑھے۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر روز نماز فجر کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ سورۃ فاتحہ معہ آمین ایک ہزار بار روزانہ پڑھے اگر اس قدر تعداد میں نہ پڑھ سکے تو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور اگر اس قدر بھی نہ پڑھ سکے تو ایک سو چھبیس مرتبہ تو ضرور روزانہ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی۔ چالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا جو بھی حاجت ہوگی پوری ہو جائے گی اور اگر اتفاقیہ یا بدقسمتی سے چالیس یوم میں کام نہ بھی ہو تو عمل کو جاری رکھے اور مایوس نہ ہو۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید اور مایوس ہونا گناہ ہے اللہ تعالیٰ

ضرور حاجت روائی فرمائے گا ورد کو ہر روز بلا ناغہ جاری رکھے اور دوسرا چلہ شروع کر دے انشاء اللہ تعالیٰ دوسرے چلہ میں حاجت پوری ہو جائے گی ورنہ تیسرے چلہ میں تو ضرور ہی بفضل باری تعالیٰ حاجت روائی ہو جائیگی۔

## ہر بیماری کے لیے

حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ شرقپور شریف والے اللہ تعالیٰ کے ولی اور برگزیدہ بندے تھے اکثر بیمار آپ کی خدمت میں دعا کے لیے حاضر ہوتے بے شمار مریض آپ سے شفا حاصل کرتے جب بھی کوئی مریض علاج سے مایوس ہو کر آپ کے پاس حاضری دیتا تو آپ اکثر فرماتے کہ نہ تو میں حکیم ہوں نہ ڈاکٹر تم یہاں کیوں آئے ہو۔ میں نے کب اشتہار دیا تھا کہ میں بیمار کو اچھا کر سکتا ہوں پھر فرماتے ہیں میاں موت تو ضرور ہے اس سے کسی کو چارہ نہیں دوا بھی کرو میں بھی دعا کروں گا اور ان سے فرماتے کہ سورۃ فاتحہ میں الحمد کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم سے ملا کر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پلا دیا کرو آپ اکثر لوگوں کو اسی طرح پانی پر پوری سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے دے دیا کرتے تھے۔ جس سے بیمار بالکل تندرست ہو جاتے تھے۔

## شادی کے لیے

اگر کوئی کسی جگہ پر نکاح کرنے کا خواہش مند ہو گھر میں کوئی اس رشتہ پر راضی ہو اور کوئی ناراض ہو تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کی غرض سے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے کسی سے کوئی



کلام نہ کرے اور ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کریگی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی ہو جائے گی اگر ہر روز ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی گھر والوں کو کسی طرح سے پلا دیا کرے تو انشاء اللہ جلد ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔

## ناگہانی مشکل کا حل

اگر کسی پر کوئی ناگہانی مشکل آ گئی ہو اور وہ مشکل میں پھنس کر سخت پریشان ہو کوئی سمجھ نہ آتی ہو کہ اس مشکل کا حل کیسے نکلے تو چاہئے کہ نماز عصر کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر مشکل دور ہو جائے گی۔

## زوجین میں محبت کے لیے

جو میاں بیوی ہر وقت آپس میں جھگڑتے رہتے ہوں بات بات پر ان کی آپس میں لڑائی ہو جاتی ہو گھر میں فضا کشیدہ رہتی ہو تو ایسی صورت میں نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے درمیان میں اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے ہر روز سات یوم تک یہ عمل کرے۔ بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ میاں بیوی کے مابین

محبت کے جذبات پیدا ہو جائیں گے گھر میں لڑائی جھگڑا ختم ہو جائیگا۔

## مقدمہ میں کامیابی کے لیے

جس کسی پر ناحق کوئی مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو اور وہ اس معاملہ میں حق پر ہو خطرہ ہو کہ مخالف فریق رشوت اور سفارش کے بل بوتے پر مقدمہ کا فیصلہ اس کے خلاف کرانے کے لیے بھرپور جدوجہد کرے گا تو اسے چاہیے کہ وہ سورۃ فاتحہ کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقدمہ اپنے حق میں ہونے کی دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد کرے گا اور اس کا مقصد پورا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ سورۃ فاتحہ پڑھنے کے دوران کسی سے کوئی کلام نہ کرے۔ نماز فجر کے بعد اکہتر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد اکسٹھ مرتبہ پڑھے، نماز عصر کے بعد اکیاون مرتبہ پڑھے، نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھے اور نماز عشاء کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی۔ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا اور جو بھی ناجائز اور ناحق مقدمہ اس پر قائم کیا گیا ہے اس میں سے باعزت طور پر خلاصی ہو جائے گی۔

## لاعلاج بیماریوں کے لیے

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی بھی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو مریض علاج کروا کروا کر عاجز آ چکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لیے شافی علاج ہے اس



عمل کو علامہ بونی نے اپنے تجربات میں لکھا ہے۔ لکھتے ہیں کہ یہ تمام لاعلاج امراض کو دور کرنے کے لیے مجرب و اکسیر ہے۔ مجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا اس شخص سے ہر کوئی متنفر تھا۔ اس نے اللہ کا نام لے کر اس عمل کو شروع کیا اور وہ ہفتوں میں ہی بالکل تندرست ہو گیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام ونشان تک نہ رہا۔ عمل یہ ہے کہ باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِی لَا شِفَاءُ کَ یَا اَللّٰہُ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا و لا الما۔

پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس میں دم کرے اور یہ پانی مریض کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## کامیابی قدم چومے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ جو بھی جائز کام شروع کرے اس میں اسے کامیابی حاصل ہو، ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے کامیابی اس کے قدم چومے تو وہ ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اول آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ الحمد للہ یا وایاک نستعین پڑھے بارہویں مرتبہ سورۃ فاتحہ تمام کرے اس کے بعد

ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے جب تک کامیابی نہ ہو ہر روز بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے توجہ اور یکسوئی کے ساتھ عمل کرے یقین کامل رکھے کہ اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ابھی چالیس دن پورے نہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

## کاروبار میں ترقی

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لیے جو کوئی ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی، رزق کی فراخی ہوگی، سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرمادے گا۔ پردۂ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں کے عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے وہ اس پر مداومت کرے اور ہر روز بلاناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلاناغہ پڑھنا لازم ہے اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے بفضل باری تعالیٰ رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔

## قوت حافظہ مضبوط ہو

طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی پینا نہایت مفید ہے یہ ذہن کو جلا بخشتا ہے اگر کسی کی قوت حافظہ کمزور ہو کوئی بھی سبق یا بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو بھول جانے کی عادت پڑ گئی ہو



ایسے شخص کو ہر روز باوضو حالت میں ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کا ذہن تیز ہو جائے گا بھول جانے کی شکایت جاتی رہے گی قوت حافظہ مضبوط ہو جائے گی۔

## حاجات کے لیے

اگر کسی کو کوئی ایسی جائز حاجت جس کے پورا ہونے کے لیے کافی تگ و دو کی گئی ہو اور کسی بھی صورت اس کے پورا ہونے کے آثار دکھائی نہ دیتے ہوں تو سورۃ فاتحہ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بگڑے کام بھی اللہ تعالیٰ سنوار دیتا ہے اور ہر طرح کی حاجت کو پورا فرما دیتا ہے کسی بھی ضرورت کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے پورا کروانے کے لیے سورۃ فاتحہ اس طریقہ سے پڑھے یعنی چاند کے مہینے کے عروج میں اتوار کے دن سے شروع کرے اور پہلے دن اتوار کو سورۃ فاتحہ کو بسم اللہ کی میم کے ساتھ ملا کر ستر مرتبہ پڑھے اور پھر اول و آخر درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے اگلے روز پیر کے دن پھر ساٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور دعا مانگے منگل کے دن پچاس مرتبہ، بدھ کو چالیس مرتبہ، جمعرات کو تیس مرتبہ۔ جمعۃ المبارک کو بیس مرتبہ اور ہفتہ کے دن دس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں حاجت پوری ہو جائے گی۔ اگر ایک ہفتہ میں حاجت روائی نہ ہوئی تو پھر اتوار کے دن سے دوبارہ اسی طرح پڑھنا شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین ہفتہ میں ضرور حاجت روائی ہو جائے گی۔ یہ عمل فجر نماز کی سنت اور فرض کے درمیان پڑھے نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## دعائے قبولیت

جو کوئی یہ چاہیے کہ اس کی دعا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت کی سند حاصل کرے وہ جو بھی جائزہ دعا اللہ تعالیٰ سے مانگے رد نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد اسی جگہ پر بیٹھے۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ جو بھی مقصد ہو گا وہ پورا ہو جائیگا۔

## عہدہ میں ترقی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے عہدہ میں ترقی ہو جائے یا ایسی صورت حال پیدا ہو گئی ہو کہ حق دار کو اس کا حق نہ مل رہا ہو یعنی جس کی ترقی ہونے کا حق ہے اس کی ترقی نہ ہو رہی ہو اور کسی اور سفارشی شخص کی ترقی ہو رہی ہو جبکہ وہ اس سے جونیئر ہو تو ایسی صورت میں جو شخص حق پر ہے اس کو چاہیئے کہ وہ رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی ناغہ نہ کرے بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔

## عزت و مرتبہ میں اضافہ

اگر کوئی کسی ایسے مقام پر فائز ہو کہ ہر کوئی اس کی عزت کرتا ہو اور رتبہ کے لحاظ سے ہر وقت اس کی شہرت اچھی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ تادیر اس کی عزت و مرتبہ



برقرار رہے لوگ پہلے سے زیادہ اس کی عزت کریں تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں اکتیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ لینے کی عادت ڈال لے۔ اللہ تعالیٰ کی فضل و کرم سے اس کی عزت میں خواب اضافہ ہو گا ہر کوئی اس کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئے گا ہر ایک کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو گی۔

## عبادت میں توجّہ کے لیے

اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف مائل نہ ہوتا ہو عبادت کرتے ہوئے کاہلی سی محسوس ہوتی ہو یا دھیان کسی اور طرف مسلسل جاتا رہتا ہو طبیعت میں ٹھہراؤ اور توجہ و یکسوئی کی کیفیت نہ پیدا ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ پر پہنچے تو اس کی گیارہ مرتبہ تکرار کرے۔ اس کے بعد سورۃ مکمل کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی طبیعت عبادت الٰہی کی طرف راغب ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اس کو عبادت کرنے میں سکون قلبی نصیب ہو گا اور توجہ و یکسوئی کی دولت حاصل ہو گی۔

## مزاج میں نرمی پیدا کرنا

اگر کسی کی طبیعت بہت زیادہ غصیلی ہو بات بات پر اسے غصہ آجاتا ہو کسی کی بات برداشت نہ کرتا ہو ہر وقت لڑنے جھگڑنے پر آمادہ رہتا ہو طبیعت میں بہت زیادہ اکھڑ پن ہو کسی کی نہ سنتا ہو اور بلاوجہ غصہ کرتا ہو تو چاہیئے کہ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی اسے پلایا جائے۔

بفضل باری تعالیٰ اس کا غصہ جاتا رہے گا طبیعت میں نرمی اور رحم دلی کے جذبات پیدا ہوں گے سورۃ فاتحہ کی برکت سے اس کی طبیعت اعتدال پر آجائیگی اس میں صبرو برداشت کا مادہ پیدا ہو جائیگا۔ معمولی بات پر لڑنے جھگڑنے سے باز آجائے گا۔

## شیطانی وسوسے سے نجات

جب کسی کو شیطانی وساوس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند بھی ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ہر وقت گندے تصورت میں کھویا رہتا ہو۔ ذہن نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہوتا نہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔ جب ہر فجر کی نماز کے لیے اٹھے تو نماز فجر کی سنت نماز پڑھنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اسے شیطانی وساوس سے نجات مل جائے گی شیطان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہوگی۔ اس کے علاوہ رات کو سونے سے بیشتر تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے۔

## طاعون سے بچاؤ

سورۃ فاتحہ کی تلاوت سے طاعون کے مرض میں مبتلا افراد کو بھی شفا حاصل ہوتی ہے چنانچہ حضرت شیخ تمیمی رحمتہ اللہ علیہ کے اکثر مرید بیان کرتے ہیں کہ



ملتان میں ایک مرتبہ طاعون کی وبا پھیل گئی تو حضرت شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے مریدوں کو حکم دیا کہ جو کوئی طاعون کے مرض میں مبتلا ہو اس کے اوپر سورۃ فاتحہ الحمد اللہ، بسم اللہ کی میم کے ساتھ ملا کر پڑھ کر دم کرو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا جس کی برکت سے بہت سے مریضوں کو شفائے کاملہ نصیب ہوئی بزرگان دین کا کہنا ہے کہ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرنے سے طاعون کے مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔ فتاوی صوفیا کے مصنف تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی کسی مریض پر سورۃ فاتحہ بسم اللہ کی میم کے ساتھ ملا کر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس پر پڑھ کر پھونک مارے اور گلٹی پر تھوڑا سا تھوک لگا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور چند دنوں کے دم کرنے سے مکمل طور پر آرام آجائے گا۔ سات یوم کے اندر اندر مرض کی علامات رفع ہو جاتی ہیں نہایت مجرب عمل ہے۔

## سنگدلی دور ہو

اگر کسی کا دل بہت زیادہ سخت ہو کسی پر اسے رحم نہ آتا ہو شقی القلب ہو بڑے سے بڑا واقعہ بھی اس پر اثر انداز نہ ہو سکتا ہو راہ راست سے بھٹکا ہوا ہو سیدھے راستے پر آنے کا خواہش مند ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور نماز عصر کے بعد ہر روز اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اس کے دل کی سختی دور ہو جائے گی اس کے دل میں رحم کے جذبات پیدا ہو جائیں گے اور وہ نرمی

واخلاق کا مظاہرہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے سے بہت خوش ہوتا ہے جو اس کی بارگاہ میں عاجزی وانکساری سے کام لے اس کی دلی مراد ضرور پوری فرماتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی ایسا شقی القلب شخص جو کسی طرح بھی راہ راست پر نہ آتا ہو اس کے دل کی سختی کو دور کرنے کے لیے ہر روز باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے اس شقی القلب کو کھلا دیا جائے ہر روز ایسا ہی کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اس مقصد کے لیے نہایت مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

## محبت واتفاق کے لیے

جس گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو بات بات پر جھگڑے کی فضا قائم ہو جاتی ہو گھر میں سے کوئی بھی فرد پیار محبت سے کام نہ لیتا ہو تو ان میں سلوک اتفاق کی غرض سے باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ یہ دم کیا ہوا پانی گھر کے افراد کو پلا دے یا کسی طرح اس پانی میں ملا دے جس سے گھر کے افراد آٹا گوندھ کر روٹیاں پکاتے ہوں چالیس یوم تک یہ عمل کرے اس دوران انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں خیر وبرکت پیدا ہوگی گھر والوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے پیار محبت کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ آپس میں سلوک واتفاق سے رہیں گے۔



## زبان بندی

اگر کسی کا دشمن بہت بدزبان ہو کسی بھی طرح بدزبانی کرنے سے باز نہ آتا ہو جب بھی سامنا ہو گالی گلوچ سے کام لیتا ہو ایسے دشمن کی طرف سے بہت پریشانی لاحق ہو، سمجھانے سے بھی کسی کی نہ سنتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان بندی کرنے کی غرض سے بنولے کے اکیس دانے لے کر باوضو حالت میں اول آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور ان کو دشمن کے مکان کی دیوار میں اس طرح دبا کر دفن کرے کہ دشمن کو اس کی خبر نہ ہو۔ بفضل باری تعالیٰ مرتے دم تک دشمن بدگوئی نہ کرے گا اور بدزبانی کرنے سے باز آجائیگا۔

## روزگار میں ترقی

کاروبار میں ترقی اور رزق میں خیر وبرکت کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے جو کوئی کاروبار میں ترقی کا خواہاں ہو، وہ چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار سے اس عمل کو شروع کرے اور سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے یعنی اتوار کو فجر کی نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے دوسرے روز پیر کے دن فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ تیسرے دن منگل روز پچاس بار پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے۔ جمعرات کو تیس بار پڑھے لیکن ہر روز اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہوگا اور رزق کی خوب

فراوانی ہوگی۔ سورۃ فاتحہ کے اس عمل کے بارے میں "خزینۃ الاسرار" کتاب کے مصنف سید محمد حقی اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ میں مجھے علماء ہند میں سے ایک بزرگ نے اس عمل کی اجازت مرحمت فرمائی تھی اور یہ کہا تھا کہ میرے مرشد ایک خالی مکان میں بالکل الگ تھلگ تنہا رہتے تھے اور بہت سے مرید بھی ان کے پاس آتے جاتے تھے اور اسی عمل کی برکت سے میرے مرشد تمام مریدوں کو اپنے پاس سے کچھ نہ کچھ دیتے رہتے تھے اور جو بھی آتا اس کو اس کی خواہش کے مطابق کھانا بھی کھلاتے تھے۔ سورۃ فاتحہ کا یہ عمل بہت ہی فیوض وبرکات کا حامل ہے اس کا عامل رزق کی کمی کا شکار نہیں ہوتا۔

## رشتہ کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو یا سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو رشتہ والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی سورۃ فاتحہ کی تلاوت اس مشکل سے نجات دلا دیتی ہے اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور سورۃ فاتحہ کی برکت سے دلی مراد جلد ہی پوری ہو جاتی ہے چنانچہ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی اچھی اور نیک جگہ پر اس کا نکاح ہو جائے اور اس معاملے میں اسے کامیابی نصیب ہو اس کا گھر بس جائے تو اسے چاہئے کہ وہ نماز فجر اور عشاء کی ادائیگی کے بعد کسی سے کلام نہ کرے چالیس یوم تک ہر روز بلاناغہ ایک سو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی



ہوگی اور کوئی اچھا اور نیک رشتہ آ جائے گا۔ اگر بالفرض چالیس یوم تک مقصد پورا نہ ہو تو مایوس نہ ہو اس عمل کو مزید چالیس یوم تک جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ طے پا جائے گا۔

## ڈراؤنے خواب

اگر کسی کو سوتے میں ڈراؤنے خواب آتے ہوں یا سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور چونک کر اٹھ بیٹھتا ہو تو وہ رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سات مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے وہ آرام کی نیند سوئے گا۔ اگر کوئی بچہ اس طرح رات کو سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور اس کو ڈراؤنے خواب تنگ کرتے ہوں تو اس کو بھی اسی طرح سونے سے پیشتر دم کر دیا جائے تو وہ سکون سے سویا رہتا ہے اور ڈراؤنے خواب نہیں آتے۔

## دشمنی ختم ہو

ایسے دو دوست، عزیز یا محلہ دار جن کے مابین کسی غلط فہمی کی بنا پر دشمنی پیدا ہوگئی ہو دلوں میں کدورت اور نفرت کے باعث دونوں ایک دوسرے سے دشمنی رکھتے ہوں اور کسی طرح بھی دشمنی ختم کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں۔ صلح کے لیے دونوں میں سے کوئی بھی پہل کرنے کے لیے تیار نہ ہو تو اس مقصد کے لیے

دونوں کے مابین دشمنی کی فضا ختم ہوجائے اور دونوں صلح پر آمادگی کا اظہار کریں تو باوضو حالت میں بادام کی چند گریاں لے کر اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے دلوں میں محبت واخوت کے جذبات ایک دوسرے کے لیے پیدا کردے اس کے بعد بادام کی یہ گریاں ان دونوں کو کھلادے بفضل باری تعالیٰ چند یوم سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہوجائے گی اور دونوں صلح کی طرف پیش رفت کریں گے اور دشمنی کو ختم کرنے پر آمادہ ہوجائیں گے۔

## دشمن سے بچاؤ کے لیے

اگر کسی کا دشمن شریر اور کمینہ ہو نقصان پہنچانے کے درپے ہو اور نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتا ہو تو ایسے دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے سورۃ فاتحہ مندرجہ ذیل طریقہ کے مطابق پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھتا ہے دشمن کی تدابیر ناکام ہوجاتی ہیں، دشمن منہ کی کھاتا ہے اور اسے ہر بار ناکامی ہوتی ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ امن اور عافیت سے رہے دشمن کی طرف سے خطرہ ٹلا رہے تو وہ ہر روز ہر نماز کے بعد اس طرح سے سورۃ فاتحہ پڑھے کہ نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ، نماز ظہر کے بعد اکیس مرتبہ نماز عصر کے بعد گیارہ مرتبہ، نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور ہر مرتبہ پڑھنے



کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اسے دشمن کے شر سے محفوظ رکھے اور اپنے حفظ وامان میں رکھے، انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اس کی دعا قبول ہوگی اور دشمن کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے گا۔

## درندوں سے حفاظت

ایسا مسافر جو کسی ایسے راستے سے گزرتا ہو جہاں ہر وقت درندوں کے حملہ کا خطرہ رہتا ہو موذی درندے گزرگاہ میں پائے جاتے ہوں تو ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور راستہ چلتے ہوئے مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی بھی درندہ نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھے گا اور راستہ بخیر وعافیت طے ہوجائے گا۔

## درد داڑھ کے لیے

اگر کسی کے دانت یا داڑھ میں درد ہو تو اس کو دور کرنے کے لیے چاہئے کہ باوضو حالت میں لکڑی کی پاک صاف تختی پر پاک ریت ڈالیں اور اس پر لوہے کی پاک صاف کیل سے ابجد، ہوز، حطی کے علیحدہ علیحدہ حروف اس طرح لکھیں:- ا-ب-ج-د-ھ-و-ز-ح-ط-ی اس کے بعد مریض سے کہیں کہ جس جگہ پر درد ہے اس کو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت اور انگوٹھے سے دانت کو زور سے پکڑے اور دبائے اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں اور مریض سے پوچھیں اگر درد گیا ہے تو بہتر ہے اگر درد نہ گیا ہے تو کیل کو حروف ب پر رکھ کر

زور سے دبائیں اور دو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں اور پھر مریض سے پوچھیں اگر درد گیا ہے تو ٹھیک ورنہ حرف ج پر کیل کو زور سے دباتے ہوئے تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں اور مریض ہر مرتبہ درد کی جگہ کو پکڑے غرض یہ کہ جب تک درد دور نہ ہو کیل کو ایک حرف سے دوسرے حرف پر بدلتے رہیں اور سورۃ فاتحہ ہر مرتبہ ایک بار زیادہ کر کے پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ آخری حرف تک نوبت نہ پہنچے گی کہ درد میں افاقہ ہو جائے گا اور آرام آ جائے گا بعض حضرات اس طریقہ سے بھی پڑھ کر دم کرتے ہیں کہ الف پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں اور ب پر دو بار پڑھتے ہیں اسی طرح ہر حرف پر تعداد ایک ایک بڑھاتے جاتے ہیں انتہائی مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## مشکلات کا عمل

ہر طرح کی جائز مشکل کے فوری حل کے لیے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ مشکلات کے حل کے لیے مجرب و آزمودہ عمل ہے۔ کوئی بھی ایسی مشکل جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو اس مشکل کی وجہ سے ہر وقت پریشانی رہتی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح یہ مشکل حل ہو جائے اور سکون حاصل ہو جائے چنانچہ اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ کا ختم سوا لاکھ مرتبہ مقرر ہے۔ اس لیے کہ سورۃ فاتحہ کے ایک سو پچیس حروف کے حساب سے اس نام یا دعا کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اسی قاعدہ کو مدنظر رکھتے ہوئے سورۃ فاتحہ کو بھی باوضو حالت میں بہت سے افراد مل کر ایک سو پچیس ہزار مرتبہ پڑھیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ یا تو ایک ہی آدمی ترک



حیوانات جلالی و جمالی کر کے چالیس دنوں میں سوا لاکھ بار ختم کرے یا پھر چند آدمی مل کر ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر باوضو حالت میں توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی۔ پڑھنے کے لیے بہترین وقت نماز فجر کے فوری بعد یا پھر عشاء کی نماز کے فوری بعد ہے۔ یہ حل المشکلات عمل ہے یقین شرط ہے۔

## افسر کو مہربان کرنا

بعض عارفین کے حوالے سے شمس المعارف میں درج ہے کہ اگر کسی کو حاکم وقت یا حکومتی عہدیدار سے کوئی کام ہو اور کسی طرح سے کام نہ ہو رہا ہو حاکم کو مہربان کرنے کی غرض سے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں شیشہ کے برتن میں لوہے کے پاک صاف قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے سورۃ فاتحہ لکھے اور پھر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کے عرق کو کسی صاف شیشی میں رکھ لے اور پھر اس پر تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ جب حاکم کے پاس جانے کی ضرورت پیش آئے تو جانے سے پیشتر تھوڑا سا عرق گلاب اپنے چہرے پر مل لے اور پھر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور جو بھی جائز کام ہو گا وہ بفضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔

## حاجت روائی

ہر طرح کی جائز حاجت و ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے سورۃ فاتحہ کا

وظیفہ بارگاہ الٰہی میں دعا کی جلد قبولیت کا باعث ہے۔ اگر کسی کی کوئی اہم ضرورت جو کہ پوری نہ ہوتی ہو اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو حاجت روائی کی غرض سے اتوار کے دن سے سورۃ فاتحہ کو اس طرح سے پڑھنا شروع کرے یعنی ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورۃ فاتحہ کی ہر آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کرے اور ہر ایک آیت درج ذیل تعداد کے حساب سے پڑھے، نہ کم کرے نہ زیادہ، اوّل و آخر درود پاک بھی پڑھے پہلی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ پانچ سو بیاسی مرتبہ اتوار کے دن پڑھے اگلے دن پیر کے روز الرحمن الرحیم چھ سو اٹھارہ مرتبہ پڑھے، منگل کے دن مالک یوم الدین دو سو بیالیس بار پڑھے بدھ کے دن ایاک نعبد وایاک نستعین آٹھ سو چھتیس مرتبہ پڑھے، جمعرات کے دن اھدنا الصراط المستقیم دس سو بہتر مرتبہ پڑھے جمعہ کے دن صراط الذین انعمت علیھم آٹھ سو سات مرتبہ پڑھے اور ہفتہ کے روز غیر المغضوب علیھم ولا الضالین چار ہزار تین سو چار بار پڑھے۔ ہر روز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا بھی مانگے۔ یہ ایک ہفتہ کا عمل ہے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔ اگر حاجت پوری ہو جائے تو عمل ہر حال میں ایک ہفتہ تک مکمل کرے اگر بالفرض ایک ہفتہ میں حاجت پوری نہ ہو تو تین ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ ضرور بالضرور حاجت روائی ہو گی۔



## جھوٹ سے بچاؤ

جس کسی کو ذرا ذرا سی بات پر جھوٹ بولنے کی عادت پڑ گئی ہو اور اسے احساس تک نہ ہوتا ہو کہ وہ ہر معاملے میں جھوٹ سے کام لیتا ہے اس کی بد عادت کی وجہ سے اسے اکثر شرمندگی اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور وہ اپنی اس عادت کی وجہ سے تنگ ہو اور اس سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر روز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفے میں اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کی جھوٹ بولنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔ اس کی طبیعت سچائی کی طرف مائل ہو گی سچ کی قوت اسے جھوٹ کی طرف آنے سے سختی سے روکے گی۔

## تنگ دستی دور ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے گا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی اس کی تنگدستی سورۃ فاتحہ کی برکت سے دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کی تنگدستی خوش حالی میں بدل جائے گی یقین کامل اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ عمل کو بلا ناغہ جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ فیض ہو گا۔

## تسخیر افسران کے لیے

اگر کسی شخص کا کسی حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو جبکہ وہ حاکم کسی
طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا یہ اس حاکم کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو
اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ
کے خلاف نہ ہو جائے اسے ناحق سزا نہ ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کر
کے لیے سورۃ فاتحہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور مجرب ہے اور متعدد اولیاء کرام
منقول ہے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے نماز فجر
ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ سورۃ فاتحہ نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑ
اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد اسی طرح پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لله رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا اللّٰهُ يَارَحْمٰنُ الرحمٰن الرَّحِ
مَالِكِ يَوْمِ الدِّين يَا قُدُّوْسُ يَاسَلَامُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّا
نَسْتَعِيْنُ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ يَا قَادِرُ يَا كَ
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ يَا بَاسِطُ يَا وَهَّابُ غَيْرِ الْمَغْضُ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمين يَا عَزِيْزُ يَا عَظِيْمُ ○

جب تک مطلوبہ مقصد پورا نہ ہو روز بلاناغہ یہ عمل کرے۔ عمل کرنے
بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مقصد پورا ہو جا
حکام کو تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کے لیے یہ عمل بہت



اثر ہے اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے دعا قبول فرماتا ہے۔

## بے چینی دور ہو

بعض اوقات طبیعت ایسی بوجھل ہو جاتی ہے کہ بے چینی سی محسوس ہوتی ہے کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں چاہتا اس بے چینی کی کیفیت کو دور کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے، انشاء اللہ اسی وقت بے چینی کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ دل پر بوجھ کی کیفیت دور ہو جائے گی اور طبیعت میں سکون واعتدال کی حالت پیدا ہو جائے گی۔ اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرنا نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

## بلند مرتبہ حاصل ہو

جو کوئی بلند مرتبہ کے لیے کوشاں ہو اور چاہتا ہو کہ اسے بلند مرتبہ حاصل ہو لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت بڑھے ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے جہاں بھی جائے اس کی عزت ہو تو ہر جمعۃ المبارک اور سوموار کے دن نماز فجر کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں اکسٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں بلند مرتبہ کے حصول کے لیے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اس عمل پر اگر ہمیشگی اختیار کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا لوگ پیار ومحبت اور عزت واحترام سے پیش آئیں گے اس کے ساتھ نیک سلوک کریں گے اس کی قدر ومنزلت لوگوں کے

دلوں میں خوب ہوگی۔

## بچھو کے زہر کے لیے

اگر بچھو نے کسی کو ڈنگ مارا ہوا اور بہت شدید درد محسوس ہو رہا ہو تو با
حالت میں تھوڑا سا خوردنی نمک لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر
کرے پھر اس نمک کو گرم پانی میں گھولے اور اس پانی سے جہاں پر بچھو
ڈنگ مارا ہے اس جگہ کو خوب اچھی طرح دھوئے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم
سورۃ فاتحہ کی برکت سے تکلیف رفع ہوجائے گی۔

## بخار کے لیے

بخار کی حالت میں جلد شفاء حاصل کرنے کے لیے باوضو حالت میں
مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بیمار کو دم کرے۔ دن میں دو مرتبہ صبح وشام دم کرنے
انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہوگی۔ کتنا بھی شدید بخار کا حملہ ہو، اللہ تعالیٰ کے فض
وکرم سے تین دنوں کے اندر اندر آرام آجائے گا۔

## اطمینان قلب

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا باطن صاف وشفاف ہوجائے اس میں ا
اوصاف پیدا ہوں کہ جس سے وہ لوگوں کی اصلیت پہچان سکے لوگوں کو دیکھ کر
کے اندرونی حالات کا ٹھیک طرح سے اندازہ لگا سکے تو اسے چاہئے کہ وہ نماز
کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ



فاتحہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے،
انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مقصد پورا ہوگا ہر روز بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے
چالیس یوم کے اندر ہی اسے بخوبی طور پر علم ہوجائے گا کہ سورۃ فاتحہ کی برکت
کس قدر زیادہ ہے۔ اس کے باطن میں روشنی پیدا ہونا شروع ہوجائے گی اور
اس کی طبیعت نیکی کی طرف مائل ہوگی۔

## امتحان میں کامیابی

طالب علموں اور دوسرے حضرات جو کسی امتحان میں کامیابی کے خواہش
مند ہوں ان کے لئے سورۃ فاتحہ سے مدد لینا بہت مفید ہوتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو
کہ اللہ تعالیٰ اسے امتحان میں کامیابی عطا فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ امتحانات
کے آغاز سے چند دن قبل سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھنا شروع کرے کہ عصر کی
نماز اور مغرب کی نماز کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے چالیس یوم تک
بلا ناغہ پڑھے جن دنوں میں امتحان ہو رہے ہوں ان دنوں میں بھی ناغہ نہ کرے
اور برابر پڑھے، امتحانات جب ختم ہوجائیں تو پھر بھی پڑھے یعنی جس دن سے
شروع کرے اس دن سے لے کر چالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ
سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ امتحانات میں کامیابی سے نوازے گا۔ ہر روز
سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے امتحان میں کامیابی کے لئے دعا مانگے
بفضل باری تعالیٰ ناکامی نہ ہوگی اور کامیابی قدم چومے گی۔

## قرض کی ادائیگی

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جبکہ قرض خواہ اسے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی مہلت دینے کے لئے آمادہ نہ ہوتا ہو قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوجائیں گے اور جلد ہی قرض ادا ہوجائے گا اس کے علاوہ قرض خواہ کے تقاضوں کو روکنے کے لئے کسی بھی چیز پر پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ قرض کی ادائیگی کے سلسلہ میں تنگ نہ کرے گا اور سورۃ فاتحہ کی برکت واثر کی وجہ سے قرضدار کو مہلت دیگا قرضدار کی پریشانی دور ہوجائے گی۔

## آسیب سے چھٹکارا

آسیب سے خلاصی ونجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس دم کیے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے سورۃ فاتحہ لکھ کر ڈال دے۔ یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔



## دلی مراد کے لیے

سورۃ فاتحہ کا یہ عمل حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور و معروف کتاب مرقع شریف میں درج کیا ہے جبکہ سید حسن نظامی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسے مجرب بتایا ہے یہ عمل کرنے سے ہر طرح کی جائز مراد بفضل باری تعالیٰ پوری ہوجاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے حاجت روائی فرماتا ہے۔ سورۃ فاتحہ کے اس عمل کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز نماز فجر کی سنت نماز اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا مانگے سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھے اور اپنی حاجت کی طرف دھیان دے اور جب سورۃ فاتحہ ساری پڑھ لے تو تین مرتبہ آمین کہے ایک ہفتہ تک عمل کرے اور بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں مقصد پورا ہوگا اور مراد بر آئے گی۔ اگر ایک ہفتہ میں مراد پوری نہ ہو تو مایوس نہ ہو عمل کو مسلسل جاری رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ چھ ہفتہ میں ہر طرح کی حاجت ضرور پوری ہوجاتی ہے۔

## بیماری سے نجات

جو کوئی یہ چاہے کہ بیمار جلد اچھا ہوجائے اس کی بیماری جاتی رہے تو اس مقصد کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں نوے مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کرے مریض کو دن میں کم از کم تین بار یہ پانی پینے کے لیے دے اگر زیادہ مرتبہ پیاس لگے تو

مریض یہ دم کیا ہوا پانی پیا کرے سات یوم تک ہر روز بلا ناغہ اسی طرح سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دے اور مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ بیماری میں بہت جلد افاقہ ہوگا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

## تمام بیماری کا علاج

علامہ ابن قیم جوزی اپنی کتاب زادالمعاد میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں مکہ مکرمہ میں بیمار ہو گیا میرے پاس وہاں پر نہ کوئی دوا تھی اور نہ ہی کوئی طبیب تھا چنانچہ میں نے اپنا علاج سورۃ فاتحہ کے ذریعہ کرنا شروع کیا۔ میں آب زمزم لے کر اس پر متعدد بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرتا پھر اسے پی لیتا اس سے مجھے کامل شفا ہوئی پھر اس کا تجربہ میں نے مختلف وقتوں میں کیا تو مجھے اس سے غیر معمولی فائدہ ہوا۔

## نظر بد سے بچاؤ

نظر بد سے بچاؤ کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک فوری اثر دکھاتا ہے اس کو بازو پر باندھنے یا گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بری نظر کا اثر زائل ہو جاتا ہے اگر کسی کو نظر بد لگی ہوئی ہو اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور اسے کسی طرح قرار نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ باوضو ہو کر سورۃ فاتحہ کا نقش مبارک لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے بفضل باری تعالیٰ نظر بد کا اثر فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظر بد سے آزاد ہو جائے گا نقش یہ ہے:۔



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسم الله | الرحمٰن | الرحیم | الحمدالله | رب العالمین |
| الرحمن الرحیم | مالک | یوم الدین | ایاک نعبد | وایاک نستعین |
| اهدناالصراط | المستقیم | صراط الذین | انعمت | علیهم |
| غیر المغضوب | علیهم | ولاَ | الضالین | امین |

## آدھے سر کا درد

اگر کسی کو نصف سر میں شدید درد ہو اور کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں انگوٹھے اور درمیان والی انگلی میں اس کی کنپٹیوں کو زور سے دباتے ہوئے سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو ماتھے کے درمیان پیشانی پر ملا دے اور سورۃ ختم کرے یہ عمل تین مرتبہ کرے اور تین دن تک بلا ناغہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے درد کو آرام آ جائے گا۔

## بد نظر سے بچاؤ

جس بچے کو بہت جلد نظر بد لگ جاتی ہو ہر روز کسی نہ کسی کی نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ لکھ کر تعویذ میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا مگر ادب کو ملحوظ خاطر رکھے

اور دھیان کرے کہ کہیں بچہ تعویذ کو ناپاک جگہ پر نہ گرادے اس کے علاوہ اگر بچے کے گلے میں تعویذ نہ ڈالنا ہو تو پھر ہر روز نماز مغرب کے بعد اول وآخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اگر کسی بچے کو نظر بد لگی ہو تو اسے بھی اسی طرح دم کرے بفضل باری تعالیٰ بری نظر اتر جائے گی اور بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

## ناراضگی دور ہو

اگر کسی کا کوئی عزیز رشتہ دار یا دوست کسی غلط فہمی کی بناء پر اس سے ناراض ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں تھوڑا سا سرمہ لیں اور چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں یعنی ہر روز نماز ظہر کے بعد باوضو حالت میں ایک سو ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر سرمہ پر دم کریں لیکن شرط یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ کو اس طرح سے پڑھیں یعنی بسم اللہ کی میم کو الحمد میں ملائے یہ عمل چار جمعرات تک ہر روز بلاناغہ کریں اس کے بعد جب عمل مکمل ہو جائے تو اس سرمہ کو کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کر لیں اور پھر ضرورت کے وقت نماز ظہر کے بعد اس سرمہ میں سے تھوڑا سا سرمہ علیحدہ نکال کر اس پر ناراض ہونے والے کا اور اپنا تصور کر کے ایک سو ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ سرمہ اپنی آنکھ میں لگا کر ناراض ہونے والے کے سامنے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے ناراضگی خوشی میں بدل جائے گی اور ناراض فوری طور پر راضی ہو جائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ سرمہ لگانے کے بعد سب سے پہلے اس سے آنکھ ملائے جو ناراض



ہے۔ کسی دوسرے سے آنکھ نہ ملائے۔ اس عمل کی زکوٰۃ جمعرات سے چار جمعہ تک تئیس دن میں ختم ہوگی۔ اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ اور تیر بہدف عمل ہے۔ اس کے علاوہ اس عمل کے ذریعے وہ حضرات بھی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جو کسی جگہ پر شادی کرانے کے خواہش مند ہیں اور کوئی اس نیک کام کے لیے راضی نہ ہوتا ہو، جائز اور نیک مقصد کے حصول کے لیے عمل کرنا جلد اثر دکھاتا ہے۔

## مفلسی سے نجات

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو غربت اور تنگدستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی تنگدستی کی جگہ خوش حالی کے اسباب پیدا ہوں گے چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ نا امیدی اور مایوسی نہ ہوگی۔ غیب سے اس کے لیے خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی پر کوئی ناجائز مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو کسی جھوٹے مقدمہ میں پھنسا دیا گیا ہو اور مقدمہ سے خلاصی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں تنہائی میں بیٹھ کر اوّل وآخر 101 مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں 101 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے ہر روز

بلاناغہ یہ عمل کرے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس یوم تک اس طرح عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا۔

## مصائب سے نجات

اگر کسی پر کوئی ایسی مصیبت نازل ہوگئی ہو جو کسی طرح دور نہ ہوتی ہو یا کوئی کسی اچانک بلا میں گرفتار ہوگیا ہو جس سے رہائی کی کوئی صورت نہ دکھائی دیتی ہو تو مصیبت کو دور کرنے کی غرض سے سورۃ فاتحہ کا یہ عمل فوری اثر دکھاتا ہے ہر مصیبت اور بلا اس کے اثر سے دور ہوجاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ کے ختم شریف کا طریقہ یہ ہے کہ اگر چاہے تو ختم کبیر کرے یعنی سوا لاکھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے چونکہ سورۃ فاتحہ کے حروف کی تعداد ایک سو پچیس ہے چنانچہ ہر حرف کے لحاظ سے سورۃ فاتحہ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اس طرح سوا لاکھ کی تعداد ہوجائے گی یہ ختم کبیر ہے اور اگر ہر حرف کے لحاظ سے سو مرتبہ پڑھے تو یہ ساڑھے بارہ ہزار کی تعداد میں پڑھی جائے گی اس کو ختم وسیط کہتے ہیں اور اگر ہر حرف کے بدلے دس مرتبہ پڑھے تو اس کی تعداد ایک ہزار دو سو پچاس مرتبہ ہوگی اس کو ختم صغیر کہتے ہیں ان تین میں سے جو بھی ختم فوری طور پر ہو سکتا ہو کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مصیبت رفع ہوجائے گی اور جو بھی جائز حاجت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوجائے گی۔ اگر ختم صغیر پڑھنا ہو تو پھر ایک ہی آدمی باوضو حالت میں جمعہ کی رات یا جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد پڑھے۔ باقی دونوں ختم



ایک سے زیادہ اشخاص مل کر پڑھیں، ختم کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے۔ بفضل باری تعالیٰ بلاٹل جائے گی اور مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

## مختلف امراض سے بچاؤ

اگر کسی بچے کو کسی متعدی مرض کے لاحق ہونے کا خطرہ ہو یا خسرہ کا عارضہ لاحق ہونے کا ڈر ہو تو باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ کا نقش نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ بفضل باری تعالیٰ بچہ متعدی امراض اور خسرہ سے محفوظ رہے گا اور اگر کسی مرض کا حملہ ہوگیا ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو جلد افاقہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔ نقش مبارک یہ ہے:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الحمد الله | غیر المغضوب | الصراط المستقیم | و ایاک |
| صراط الذین | ایاک نعبد | رب العالمین | انعمت علیهم |
| یوم الدین | نستعین | و لا الضالین | الرحمن |
| علیهم | الرحیم | مالک | اهدنا |

## مشکل سے نجات

ہر طرح کے جائز اور مشکل ترین کام میں آسانی پیدا کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد ایک سو ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے جس مقصد کے لیے دعا مانگی ہے انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی جس کام میں ہاتھ ڈالے گا چاہے اس کے طاقت سے باہر ہو بفضل باری تعالیٰ اس میں کامیابی حاصل ہوگی

ہر روز بلا ناغہ اس عمل کو کرے اور جب تک مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ملے عمل جاری رکھے۔ چالیس یوم کے اندر اندر ہی کامیابی ہوگی۔

## گمشدہ کے لیے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست گم ہوگیا ہو یا کسی کا کوئی بچہ راستہ بھول کر بھٹک گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس کی بخیر عافیت واپسی کی غرض سے چند آدمی پاک صاف کپڑے پہن کر اور باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھیں اور ایک ہزار مرتبہ توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۃ فاتحہ پڑھیں اس کے بعد بارگاہ الٰہی میں عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگیں۔ سات یوم تک بلا ناغہ اسی طرح عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر گمشدہ کے بارے میں علم ہوجائے گا یا وہ واپس آجائے گا۔

## محبت میں کامیابی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ دوسرا اس پر فریفتہ ہوجائے دوسرے کے دل میں اس کی محبت والفت پیدا ہوجائے تو اسے چاہئے کہ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوجائے گی اور اس کا دل طالب کی طرف مائل ہوگا۔ یہ عمل نیک اور جائز مقصد کے لیے کرنے کی اجازت ہے ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی ہو تو اس عمل کے ذریعے اسے محبت میں بدلا جاسکتا ہے یا پھر دو بھائی آپس میں خفا ہوں تو ان



کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا کرنے کی غرض سے عمل کیا جاسکتا ہے اس مقصد کے لیے مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## رزق میں فراوانی

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لیے ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ اس کے رزق کی فراوانی کیسے ہورہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

## مہمات کے لیے

اگر کوئی کسی مہم پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور کوئی خوف و خطرہ محسوس کرتا ہو راستے کی رکاوٹوں کا خطرہ درپیش ہو غرض یہ کہ جو بھی خوف ذہن پر سوار ہو اس کو مٹانے اور مہم میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے یہ پڑھے اور بکثرت پڑھے

اقوی معین واجدی دلیل بحق ایاک نعبد وایاک نستعین ٥

انشاء اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت مہم ہوگی اور راستے کی تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہوجائے گی۔

## قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو

تو نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب ایا
نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو اس کی اکتالیس مرتبہ تکرار کرے، پھر
مکمل کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ
سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قید سے رہائی عمل میں آئے گی۔

## قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی صورت دکھائی نہ دیتی ہو
وقت سے انصاف ملنے کی توقع نہ ہو تو چاہئے کہ گھر کے تین افراد باوضو حالت
ایک جگہ پر بیٹھیں اور ایک ہی جلسہ میں ۳۱۳ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ
دعا مانگیں چالیس روز تک بلاناغہ یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے
ہی قیدی کو قید سے رہائی مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی رہائی
اسباب پیدا فرمادے گا اور وہ باعزت رہا ہو جائے گا۔ سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے
وقت ضروری ہے کہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک بھی پڑھا جائے
قید میں ڈالے ہوئے قیدی کی جلد رہائی کے لیے آزمودہ عمل ہے۔

## حاجت روائی

ہر طرح کی جائز دینی و دنیوی حاجات کے لیے یہ عمل نہایت مفید ہے
حاجت ہو اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے جلد پورا کروانے کی غرض سے چاند
مہینہ کے عروج میں ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اول و آخر تین
مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سورۃ فاتحہ ساٹھ بار پڑھے۔ جب یہ پڑھ



تو اب چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب آیۃ مبارک اِیَّاکَ
نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار پڑھے، تاکہ سورۃ
کی تمام تعداد ملا کر ایک سو مرتبہ ہو جائے اس کے بعد جب سورۃ پڑھ کر مکمل کر لے
تو چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت
میں سورۃ فاتحہ کے بعد چالیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر پچاس مرتبہ لَاحَوْلَ
وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے۔ یہ پڑھنے کے بعد پچاس مرتبہ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ اس کے بعد پچاس مرتبہ درود
پاک پڑھے اسی طرح چاروں رکعت مکمل کرے اور پھر حضوری قلب اور توجہ
یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا
مانگے۔ خوب عاجزی اور انکساری دکھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاجت پوری
ہو جائے گی۔ ہر روز بلاناغہ اس وقت تک پڑھے جب تک کہ حاجت پوری نہ
ہو جائے۔ بفضل باری تعالیٰ مایوسی نہ ہوگی۔ اگر تعمیر رجوع مطلوب کی غرض سے
پڑھے تو عمل کے دوران مطلوب کی صورت کا تصور رکھے اور کامیابی کا یقین
رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہوگی۔

## فتوحات میں کامیابی

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے اس میں اسے فتح و
کامیابی حاصل ہو غیب سے اس کی مدد ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ فاتحہ معہ بسم
اللہ الرحمٰن الرحیم اس طرح پڑھے کہ جب چاند کے مہینہ کا پہلا اتوار آئے اور نماز

مغرب کے بعد کا وقت ہو، اتوار کے دن ستر مرتبہ پڑھے پیر کے دن ساٹھ مر
منگل کے دن پچاس مرتبہ بدھ کے دن چالیس مرتبہ جمعرات کے دن تیس مر
جمعہ کے دن اکیس مرتبہ ہفتہ کے دن گیارہ مرتبہ اس طرح ایک ہفتہ میں د
بیاسی مرتبہ پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے ہمیشہ ہر ما
شروع میں اتوار کے دن سے شروع کر کے سات دن بلاناغہ عمل پڑھ لیا کر
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد ہوگی اور بدرجہ کمال فتوحات ہونگی جو بھی کا
کرنا چاہے گا اس میں آسانی پیدا ہوگی ہر رکاوٹ خود بخود دور ہوتی جائیگی ا
تعالیٰ کی مدد شامل حال ہو جائیگی۔

## غم سے نجات

بعض اوقات انسان کے دل پر غم واندوہ کا ایسا بوجھ سوار ہو جاتا ہے جو کسی
طرح دور نہیں ہوتا۔ غم کی شدت کے باعث کسی بھی کام میں دل نہیں لگتا ہر وق
طبیعت غم میں ڈوبی رہتی ہے ایسی صورت میں باوضو ہو کر اکسٹھ مرتبہ سورۃ فا
پڑھے اور پانی پر دم کر کے غم زدہ کو پلائے ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے غم زدہ کا
دور ہو جائے گا۔ بفضل باری تعالیٰ اس کے دل کو سکون کی دولت نصیب ہوگی۔

## فالج کے لیے

فالج کے مرض میں مبتلا افراد کے لیے سورۃ فاتحہ اکسیر کی حیثیت رکھتی
اگر کوئی فالج کے مرض میں مبتلا ہو تو کسی دوسرے شخص کو چاہیئے کہ وہ باوضو حال
میں شیشے کے برتن پر سورۃ فاتحہ لکھے اور اسے خالص روغن بسان سے دھوئے ا



کے بعد ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر تیل پر دم کرے یہ دم کیا ہوا تیل کسی شیشی وغیرہ میں ڈال کر محفوظ کر لے ہر روز اس تیل کی مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## عزت ومرتبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے عزت ومرتبہ حاصل ہو، لوگ اس کی عزت کریں اور وہ لوگوں کی نظروں میں معزز کہلایا جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اسی طرح سے سورۃ فاتحہ پڑھا کرے یعنی نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ، نماز ظہر کے بعد بائیس مرتبہ، نماز عصر کے بعد تیئس مرتبہ، نماز مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد دعا قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ عزت ومرتبہ سے نوازے گا لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت ومرتبہ بلند ہوگا۔

## علم میں اضافہ

جو کوئی یہ چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ اس کے علم میں اضافہ فرمائے اسے دینی ودنیاوی علوم میں ترقی حاصل ہو علوم کے حاصل کرنے میں اسے کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے اس کا سینہ تمام علوم کا خزینہ بن جائے تو اس مقصد کے لیے چاہیئے کے کہ باوضو حالت میں سات روز تک ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ توجہ ویکسوئی سے پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے اللہ تعالیٰ اس کو علم وحکمت کے خزانے عطا فرمائے گا اس کا سینہ علم کے نور سے منور کردے گا اور علمی میدان میں

اسے کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

## ظالم کے شر سے بچاؤ

ایسا ظالم حاکم جس کے سامنے جاتے ہوئے لوگ ڈرتے ہوں اور اس سے خطرہ محسوس کرتے ہوں کہ کہیں کوئی نقصان نہ پہنچائے ایسے ظالم و جابر حاکم کے پاس کسی کام کی غرض سے جانے سے پیشتر باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور راستہ میں چلتے ہوئے یہ آیات مبارکہ پڑھے

مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ

انشاء اللہ تعالیٰ جب حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے گا۔

## سر میں پانی بھر جانا

یہ مرض بہت زیادہ خطرناک ہوتا ہے اس میں مریض کے دماغ کے پردوں کے اندر پانی جمع ہو جاتا ہے۔ مرض کی شدت سے مریض کی موت واقع ہو جانے کا بھی ڈر ہوتا ہے چونکہ یہ ایک خطرناک مرض ہوتا ہے اس لیے اس کے علاج کے لیے فوری طور پر رجوع کرنا چاہیے اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ انتہائی شفاء بخش اثر رکھتی ہے جو شخص اس مرض میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے سر پر اپنا ہاتھ پھیرتے ہوئے تین تین مرتبہ سورۃ فاتحہ توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے جب تک مکمل آرام نہ آئے ہر روز یہ عمل بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور تھوڑے ہی دنوں میں مرض سے نجات مل



جائیگی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## سفر میں کامیابی

بیرون ملک جانے کے خواہش مندوں کے لیے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرنا کامیابی کی ضمانت ہے جو کوئی یہ چاہے کہ بیرون ملک جانے کے لیے اس کا سفر کامیابی سے ہم کنار ہو اور جس مقصد کے لیے یہ سفر کیا ہے اس میں کامیابی حاصل ہو کامیابی کے ساتھ اس ملک میں پہنچ جائے راستے میں ہر طرح کی رکاوٹ ختم ہو جائے اور وہ بغیر کسی پریشانی کے اپنا سفر طے کر لے تو اسے چاہیے کہ وہ سفر پر جانے سے قبل باوضو حالت میں فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس کے بعد ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھتا رہے اور کبھی ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور اس کا سفر بخیر و عافیت کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگا۔

## سینے کی سوزش

ایک شخص حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میرے سینے میں سوزش رہتی ہے کوئی علاج بتائیں تاکہ مجھے آرام آجائے۔ پیر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سینے کی سوزش دور ہو جائے گی اس شخص نے ایسا ہی کیا چنانچہ چند دنوں میں ہی وہ شخص تندرست ہو گیا اور اس کا مرض جاتا رہا۔

# رزق میں اضافہ

جو کوئی چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو اللہ تعالیٰ اسے بہت زیادہ رزق عطاء فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن پر پہنچے تو اس کی سات بار تکرار کرے جب سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ چکے تو پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور رزق میں زیادتی ہونا شروع ہو جائے گی۔

# راستے کا بھولنا

اگر کوئی سفر کے دوران راستہ بھول جائے یا راستہ سے بھٹک کر کسی اور طرف نکل جائے جبکہ وہاں پر کوئی راستہ بتانے والا بھی نہ ہو تو ایسی صورت میں فوری طور پر سورۃ فاتحہ پڑھنی شروع کر دے اور اپنے دل میں راستہ ملنے کی نیت کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنے سے ہی راستہ مل جائے گا اور بخیر و عافیت اپنی منزل پر پہنچے گا۔

# رزق میں کشادگی کے لیے

رزق میں اضافہ اور خیر و برکت کے لیے ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھ کر دعا مانگنے سے روزی میں خوب زیادتی ہوتی ہے اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد



تیس مرتبہ نماز عصر کے بعد پندرہ مرتبہ نماز مغرب کے بعد دس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ رزق میں خیر و برکت عطا فرمائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور روزی میں خوب اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ ہر روز دکان یا کارخانہ وغیرہ جو بھی روزی کے ذریعہ کا مقام ہے وہاں پر باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دکان میں چاروں طرف دیواروں پر اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں روز بروز اضافہ ہوگا۔

# روزگار میں اضافہ

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو کاروبار کے لیے سرمایہ نہ ہو ملازمت کا حصول ناممکن ہو کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لے کر روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اکتالیس یوم تک پڑھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا رزاقُ کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے اور اسے کوئی اچھا سا روزگار کا ذریعہ نصیب ہو جائے گا۔

# دینی و دنیاوی حاجات کے لیے

جو کوئی ہر روز نماز کے بعد ذیل میں دی ہوئی ترتیب کے مطابق پڑھے گا اور

اس پر ہمیشگی اختیار کرے گا تو اس کی تمام دینی و دنیاوی حاجات بفضل باری تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت و تاثیر سے بغیر طلب کیے پوری ہو جائیں گی اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز یعنی فجر کے بعد تیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے۔ نماز عصر کے بعد بیس مرتبہ، نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اسی طرح کل سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے مطلوبہ مقصد کے حصول کی نیت کرتے ہوئے باری تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہوگی وہ حل ہو جائے گی۔

## دکان میں ترقی

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں اضافہ کے لیے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے دکان پر گاہکوں کی آمد و رفت لگی رہے تو اسے چاہئے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرے گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہوگی اور وافر مقدار میں روزی نصیب ہوگی۔

## آنکھ میں درد

جس کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں اور آرام نہ آ رہا ہو تو اس کے لیے چاہئے کہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور سلائی



پانی میں ڈبو کر دکھتی ہوئی آنکھوں میں سات سات مرتبہ لگائے انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر اندر افاقہ ہوگا آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔ درد سے فوری طور پر آرام آ جائے گا۔

## دشمن کو زیر کرنا

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو اور دشمن کسی بھی طرح صلح کی طرف مائل نہ ہوتا ہو ہر وقت نقصان پہنچانے کے منصوبے بناتا رہتا ہو جس کی وجہ سے خطرہ ہو کہ دشمن کہیں اوچھے ہتھکنڈے استعمال نہ کرے تو ایسی صورت میں ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر بہت جلد اثر ہوگا وہ مغلوب اور زیر ہو جائے گا بلکہ راہ راست پر آ جائے گا کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت و ہمت نہ کرے گا۔ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا فرما دے گا کہ دشمن صلح کی طرف مائل ہوگا اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گا دشمن کو زیر کرنے کے لیے سورۃ فاتحہ کا وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

## دریا کا سفر

سورۃ فاتحہ سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک زمانے تک مسلسل حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ سفر میں رہا۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ ہم دریائے دجلہ کے کنارے پر پہنچے۔ اتفاق سے اس وقت وہاں کوئی کشتی نہ تھی۔ حضرت عثمان

ہارونی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے فرمایا کہ اپنی آنکھیں بند کرلیں جب تھوڑی دیر کے بعد آنکھیں کھولیں تو میں نے خود کو اور حضرت عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کو دریائے دجلہ کے دوسرے کنارے پر پایا۔ میں نے حضرت عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ یہ کیسے ہوا؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے پانچ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی اور دوسرے کنارہ پر پہنچ گئے۔

## خوش حالی کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے کبھی بھی کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کی زندگی خوش حالی سے گزرے۔ ہر لمحہ خوشی و مسرت اس کی راہ دیکھے تو اسے چاہئے چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سورۃ فاتحہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ پریشانی اس کے نزدیک نہ آئے گی۔ جس بھی کام میں ہاتھ ڈالے گا کامیابی سے ہم کنار ہوگا۔

## خسرہ سے بچاؤ

خسرہ سے بچاؤ کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اگر یہ نقش باوضو حالت میں لکھ کر خسرہ والے کے گلے میں تعویز کی شکل میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور سورۃ فاتحہ کی برکت سے بہت جلد شفا ہوگی اور اگر مرض کا حملہ ہونے سے پہلے اس تعویز کو گلے میں ڈال دے تو مرض سے بچاؤ رہے گا اور اگر حملہ ہو بھی گیا تو فوراً آرام آجائے گا۔ اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ کا یہ نقش بہت مفید ہے۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلمدلِلّٰه | عَلَيهِم | صِرَاطَ الَّذِينَ | وَاِيَّاكَ نَستَعِين |
| اَنعَمتَ عَلَيهِم | اِيَّاكَ نَعبُدُ | رَبِّ العٰلَمِينَ | غير المغضوب |
| يَوم الدِّين | اِهدِنَا | امين يَااللّٰه | الرَّحمٰن |
| وَلَا الضَّالين | الرَّحِيم | مٰلِك | الصراط المستقيم |

## حصول عزت

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی عزت و مرتبہ میں اضافہ ہو جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئیں تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حصول عزت و بلند مرتبہ کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

## حمل قائم رہنا

اگر کسی عورت کو حمل ٹھہر کر گر جاتا ہو تو اس کو قائم رکھنے کی غرض سے جب بھی عورت کو حمل ٹھہرے تو آٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ باوضو حالت میں پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور عورت کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل قائم رہے گا۔ دوران حمل اس کو کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اور وہ نارمل حالت میں رہے گی۔

## مختلف حاجات کے لیے

جو بھی کوئی جائز حاجت و ضرورت ہو اس کو پورا کرنے کی غرض سے سورۃ

فاتحہ کا عمل یقین کامل اور مکمل توجہ سے کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی کام ہو گا ضرور ہو جائے گا۔ ہر حاجت کے لیے چاند کے مہینہ کے پہلے اتوار کے دن سے عمل کا آغاز کرے یعنی فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان پہلے روز سورۃ فاتحہ کو بسم اللہ کے میم سے ملا کر ستر مرتبہ پڑھے پھر یہ دعا پڑھے یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُتِمِّ عَمِّ اس کو پڑھ لینے کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اپنی حاجت جو بھی ہے اس کے لیے دعا مانگے دوسرے روز سوموار کے دن ساٹھ بار سورۃ فاتحہ پڑھے اور باقی عمل اسی طرح کرے تیسرے روز منگل کے دن پچاس بار سورۃ فاتحہ پڑھے بدھ کو چالیس بار پڑھے جمعرات کو تیس مرتبہ، جمعہ کو بیس مرتبہ اور ہفتہ کو دس مرتبہ پڑھے لیکن سورۃ فاتحہ کے علاوہ باقی عمل بدستور مذکور پڑھا کرے اور اگر سات دن میں حاجت پوری نہ ہو تو پھر سات ہفتہ تک اس عمل کو مسلسل جاری رکھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ضرور بالضرور حاجت پوری ہو گی۔

## خلائق میں مقبول ہونا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے۔ اس کی شہرت اچھی ہو جائے، لوگوں کی نظروں میں معزز ہو جائے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکسٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی دعا قبول ہو جائے گی اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت ڈال دے گا اور وہ چشم



خلائق میں معزز و محترم ہو جائے گا۔ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے گا جہاں بھی جائیگا لوگ اس کی عزت کریں گے۔

## خلائق میں عزت و مرتبہ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اس کی خوب اچھی شہرت ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد **125** مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔ لوگوں میں اس کی شہرت ہو جائے گی ہر کوئی اس کی عزت کریگا۔

## تیر بہدف نسخہ

ہر قسم کی جائز حاجت روائی اور فوری طور پر مثبت اثرات حاصل کرنے کے لیے سورۃ فاتحہ کا یہ تیر بہدف عمل ہے۔ اس عمل سے بگڑے کام سنور جاتے ہیں جلد حاجت روائی کے غیب سے اسباب پیدا ہوتے ہیں اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو چاہئے کہ ہر روز باوضو حالت میں تین سو تیرہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور اپنی حاجت کا سوال کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاجت پوری ہو جائے گی جب تک حاجت پوری نہ ہو اس وقت تک روز بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ بفضل باری تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔

## تسخیر کے لیے

اگر کسی کو تسخیر کرنا مقصود ہو یا کسی کے دل میں اپنی زبردست محبت پیدا کرنا مقصود ہو اور یہ محبت جائز ہے یعنی میاں بیوی کے مابین محبت والفت پیدا کرنی ہو یا دوروٹھے کو منانا ہو غرض یہ کہ تسخیر کا جو بھی جائز کام ہو سورۃ فاتحہ کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ فوری طور پر حسب منشاء ہو جاتا ہے اس مقصد کے لیے سورۃ فاتحہ کی عزیمت اور مندرجہ ذیل نقش باوضو حالت میں ساعت مشتری میں مشک وزعفران وگلاب سے لکھے اور طالب اپنے گلے میں ڈالے اس کے علاوہ ایک سو اکسٹھ مرتبہ معہ اول وآخر درود پاک کے اس عزیمت کو کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مسخر ومطیع ہوگا اور اس کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوجائیگی۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الحمد الله رب العلٰمين

توكل يا جبرائيل انت وخدامك واعوانك بحق الله العزيز الجبار الكريم الوهاب القهار اسئلك يا جبرائيل ان والق محبة فلان فى قلب فلان بحق الرحمن الرحيم يا جواد يا جليل توكل يا ميكائيل سامعا مطيعا والق محبة فلان فى قلب فلان بحق مالك يوم الدين وبحق الله الحى القيوم الواجد الماجد توكل يا اسرافيل انت واعوانك والق محبة فلان فى فلان بحق



اياك نعبد واياك ونستعين وبحق الملك المقتدر المقدم المبدى المعيد توكل يار قيائيل انت واعوانك والق محبة فلان فى قلب فلان بحق اهدنا الصراط مستقيم وبحق الفرد الوتر الحى القيوم الصمد توكل يا شمائيل انت واعوانك والق محبة فلان فى قلب فلان بحق صراط الذين انعمت عليهم وبحق الواحد العليم الجواد الكريم توكل يا عزرائيل انت واعوانك سامعاً مطيعاً والق محبت فلان فى قلب فلان بحق غير المغضوب عليهم ولا الضآلين آمين وبحق القاهر العزيز الجليل الكبير توكل يا كصفائيل انت واعوانك سامعاًمطيعاً والق محبة فلان فى قلب فلان بحق يحبونهم كحب الله والذين آمنوا اشدّ حباً لِلّٰه كو انفقت مافى الارض جميعاً ما الفت بين قلوبهم دلكن الله الف بينهم انه عزيزٌ حكيم

عزیمت میں فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اوراس کی والدہ کا نام لکھے۔

نقش مبارک یہ ہے:۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۰۰ | ۴۰۳ | ۴۰۶ | ۳۹۳ |
| ۴۰۵ | ۳۹۴ | ۳۹۹ | ۴۰۴ |
| ۲۹۵ | ۴۰۸ | ۴۰۱ | ۳۹۸ |
| ۴۰۲ | ۳۹۷ | ۳۹۶ | ۴۰۷ |

## پریشانی دور ہو

ہر طرح کی پریشانی دور کرنے کے لیے باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پریشانی دور ہو جائے گی، اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے پریشانی کو خوشی میں تبدیل فرمادے گا یہ پاک ومتبرک پانی ہر روز پینے سے کوئی پریشانی پاس نہیں آتی اور اگر کبھی پریشانی مسلّط ہو جائے تو فوراً ہی دور ہو جاتی ہے۔ پریشان حال لوگوں کے لیے سورۃ فاتحہ کا بکثرت پڑھنا بھی پریشانی کو رفع کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر فرض نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کی مشکل و پریشانی دور ہو جائے۔

## مشکلات کا حل

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی فجر نماز کی سنتوں اور فرض کے درمیانی وقفہ میں قبلہ رو ہو کر توجہ اور یکسوئی کے ساتھ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ۔ بسم اللہ کے ساتھ اس طرح پڑھے یعنی بسم اللہ اور الحمد ملائے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیمل حمد للہ رب العالمین تو جس بھی مشکل کام سے واسطہ پڑھے گا بفضل باری تعالیٰ اس کی مشکل حل ہو گی اور کامیابی نصیب ہو گی اس وظیفہ کو پڑھنے کے بعد باجماعت فجر کی نماز پڑھے اور پھر خلوص دل اور یکسوئی کے ساتھ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ننانوے اسمائے مبارکہ پڑھے اس کے بعد ستر مرتبہ یادہاب کہے تو بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کریگی۔



## بے خوابی کے لیے

بے خوابی کا عارضہ دور کرنے کے لیے رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر ہی بے خوابی کی شکایت رفع ہو جائے گی آرام اور سکون کی نیند آئے گی۔

## پٹھوں کا درد

اگر کسی کے پٹھوں میں درد ہو اور دور نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ روغن زیتون لیکر اس پر اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور دم کرے یہ تیل مریض کو دے جس جگہ پر درد ہے وہاں اس کی مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند بار مالش کرنے سے آرام آ جائیگا تین دن تک متواتر مالش کرے بفضل باری تعالیٰ شفا ہو گی اور درد رفع ہو جائے گا۔

## بری عادات سے چھٹکارا

جو کوئی بری عادات مثلاً شراب خوری، زنا اور چوری وغیرہ میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی بری عادات اس سے چھوٹ جائیں اس کے دل میں برائی کے خلاف زبردست نفرت پیدا ہو جائے اور وہ برائی کو چھوڑنے کا ارادہ کرے تو اس کے ارادے کو تقویت حاصل ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز پابندی سے اور باجماعت ادا کرے۔ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ

پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بری عادات سے محفوظ رہے گا اس کا ایمان مضبوط ہو گا۔اللہ تعالیٰ برائی کے خلاف جہاد کرنے میں اسے ہمت وطاقت عطا فرمائے گا۔

کوئی کسی بری سوسائٹی میں پڑ گیا ہو کسی طرح اس کا بری عادات سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو جبکہ وہ چاہتا ہو کہ اس کی طبیعت برائیوں کی طرف مائل نہ ہو اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی توفیق عطا فرمادے تو اسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد اسی جگہ پر بیٹھے اور اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سورۃ فاتحہ اپنی حاجت کے خیال کے ساتھ چالیس مرتبہ پڑھے اور جب سورۃ فاتحہ کی تلاوت سے فارغ ہو تو پھر یہ دعا پڑھے:۔

الٰھی علمک کا فعن السؤال اکفنی بحق لفاتحۃ سوالاً وکرمک
کَا فِعنِ المقال اکر منی بحق الفاتحۃ ویحصلی مافی ضمیری

ترجمہ:۔اے اللہ تیرا علم سوال سے کافی ہے مجھے سورۃ فاتحہ کے واسطے سے سوال کرنے سے کفایت کر اور تیرا کرم مقال کافی ہے اس لیے سورۃ فاتحہ کے واسطے سے مقال سے کفایت کر اور جو کچھ میرے دل میں ہے وہ مجھے عطا کر۔

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر برائیوں کے خلاف زبردست نفرت پیدا ہو گی اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا اور نیک کام کرنیکی توفیق عطا فرمائے گا۔

## قلب کی صفائی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا باطن پاکیزہ ہو جائے برے اور گندے تصورات



اس کے ذہن سے ختم ہو جائیں ان کی جگہ اچھے اور صاف تصورات کی آماجگاہ اس کا ذہن بن جائے تو وہ ہر روز کسی بھی فرض نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرے اور اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ اس کے ذہن میں پاکیزگی پیدا ہو جائے گی باطن کی خوب اچھی طرح صفائی ہو جائیگی شیطانی وسوسے اسے تنگ نہ کریں گے اللہ تعالیٰ شر شیطان سے حفاظت فرمائے گا سورۃ فاتحہ کی برکت سے اپنے حفظ وامان میں رکھے گا۔

## اولاد کا حصول

اگر کوئی عورت بے اولاد ہو اولاد کی نعمت سے محروم ہو چاہتی ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے نوازے تو اس مقصد کے لئے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو اول وآخر تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔درمیان میں ایک سو گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور آمین کے پڑھ کر سادہ پانی کے گلاس پر دم کرے اس دم کیے ہوئے پانی کو تھوڑا تھوڑا دونوں میاں بیوی کو پلادے ہر جمعرات کو سات جمعرات تک یہ عمل کرتا رہے کسی بھی جمعرات کو ناغہ نہ کرے۔انشاء اللہ تعالیٰ اس عورت کو حمل قرار پا جائے گا اور وہ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔

## باری کے بخار کے لیے

اگر کسی کو باری کے بخار کی شکایت ہو بخار روزانہ یا تیسرے دن یا چوتھے دن باری سے چڑھتا ہو تو بخار چڑھنے سے تقریباً گھنٹہ پہلے باوضو حالت میں روئی پاک صاف لے کر اس کے دو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں۔ایک پر سات

مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں روئی کا یہ پھاہا سا رکھ دیں۔ دوسرے پھائے پر چھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بائیں کان میں رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بخار جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور صحت ہو جائے گی اگر بالفرض ایک بار کے عمل سے بخار نہ جائے تو پھر تین بار تک یہ عمل کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ بخار کی شکایت رفع ہو جائیگی نہایت آزمودہ عمل ہے۔

## آنکھوں کے امراض کے لیے

امراض چشم میں شافی علاج کے لیے سورۃ فاتحہ کا پڑھنا مفید اثرات کا حامل ہے شمس المعارف کے مصنف اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ سے ہر قسم کے امراض کا شافی علاج کیا جاسکتا ہے اس سے امراض چشم بھی دور ہو جاتے ہیں لکھتے ہیں کہ جس کی آنکھ میں کوئی مرض ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ چاند کے ہر مہینے میں پہلی یا دوسری یا تیسری رات کو باوضو حالت میں چاند دیکھے اور چاند نظر آنے پر اپنے دائیں ہاتھ کو دونوں آنکھوں پر پھیرتے ہوئے پہلے سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے دس مرتبہ پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اس کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر سات مرتبہ یہ کلمات کہے شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہر طرح کے امراض چشم میں شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## آنکھوں کے امراض

آنکھوں کے ہر قسم کے امراض میں سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرنے سے



شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا ان میں درد ہو یا کسی بھی قسم کی شکایت ہو تو باوضو حالت میں سنت اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے اگر خود پڑھ کر دم کرے تو سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد اپنی انگشت شہادت سے اپنا لعاب دہن آنکھوں میں لگائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔امراض چشم میں شفا کے لئے یہ عمل نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

## آسیب دور کرنا

اگر کوئی آسیب زدہ ہو آسیب اسے بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے تین مرتبہ سورۃ فاتحہ باوضو حالت میں پڑھے پھر ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور سورۃ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے پر اس پانی کے چھینٹے مارے اس کے علاوہ جس گھر میں آسیب زدہ رہتا ہو، اس کے چاروں کونوں میں بھی اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔آسیب زدہ کو آرام آجائے گا۔

## محبت کے لیے

اگر کسی گھر میں سخت ناچاقی ہو گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضا قائم رہتی ہو کسی بھی طرح گھر میں سلوک واتفاق پیدا نہ ہوتا ہو تو گھروں کے مابین ہم آہنگی، سلوک اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں گھر کا

کوئی فرد اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اکیس یوم تک بلاناغہ اس سورۃ کی تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں لڑائی جھگڑے کی کیفیت دور ہو جائے گی۔ گھر کے افراد سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

## مشکلات کا حل

اگر کوئی کسی اچانک مشکل میں مبتلا ہو گیا ہو اور مشکل کے حل کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سورج نکلنے کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ہر روز یہ عمل کرے اس وقت تک جب تک کہ مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی اور آسانی پیدا ہو گی۔

## اللہ تعالیٰ کی خوشنودی

اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہر روز بلاناغہ نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ دعا قبولیت کی سند حاصل کرے گی۔ اللہ تعالیٰ بندے پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اس عمل پر ہیشگی اختیار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھتا ہے اور اس سے راضی رہتا ہے۔

## نیک اولاد کے لئے

اگر کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اگر وہ بانجھ نہیں ہے تو پھر جب



حیض سے پاک ہو تو غسل کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے پھر گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ اکیس یوم تک بلاناغہ عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔

## بدزبانی دور کرنے کے لیے

اگر کسی شخص کا اخلاق درست نہ ہو ہر وقت بدزبانی کرتا رہتا ہو کسی کے سمجھانے پر بھی ٹھیک نہ ہوتا ہو اور سمجھانے والوں کے ساتھ بھی بدزبانی کرتا ہو تو ہر روز اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی اس کو پلادے۔

چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بدزبانی کی عادت جاتی رہے گی اور وہ راہ راست پر آ جائے گا۔ اس میں ضبط و برداشت پیدا ہو گی کسی کے ساتھ بداخلاقی سے پیش نہ آئے گا۔

## برائی سے محفوظ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ برائی سے بچا رہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد نوے مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔

اللہ تعالیٰ اسے شر شیطان سے محفوظ رکھے گا۔ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ اس کے دل مین برائی سے نفرت پیدا ہو گی اور طبیعت نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہو گی۔

## بیماری میں شفا کے لیے

ایسی بیماری جس میں کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو ہر علاج کروا کر تنگ آ گئے ہوں تو باوضو حالت میں کاغذ پر سورۂ فاتحہ کا نقش لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈال دے اور ہر روز یہ پانی مریض کو پلائے تو انشاء اللہ مرض میں افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ مرض کی شدت بھی کم ہونا شروع ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا اور شفائے کاملہ سے نوازے گا نقش یہ ہے:

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۴۶۷۸ | ۴۶۷۴ | ۸ |
| ۴۶۷۵ | ۷ | ۲ | ۴۶۷۷ |
| ۶ | ۴۶۷۲ | ۴۱۸۰ | ۳ |
| ۴۶۷۹ | ۴ | ۵ | ۴۶۷۳ |

## پریشانی کا حل

پریشانی کو دور کرنے اور قلبی سکون کے لیے سورۂ فاتحہ باوضو حالت میں پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہوتا ہے اگر کسی کو بہت زیادہ پریشانی ہو کسی طرح بھی تسلی وسکون نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ وہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور پاک صاف پانی میں دم کرے اس کے ساتھ ہی سورۂ فاتحہ میں موجود اللہ پاک کے اسم حسنیٰ الرحمٰن کا



نقش پاک وصاف کاغذ پر لکھے اور اس دم کیے ہوئے پانی میں ڈال کر پی لے، انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی رفع ہو جائے گی۔ تین یا سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل تعالیٰ قلبی سکون ملے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۷ | ۸۰ | ۷۷ | ۷۴ |
| ۷۸ | ۷۳ | ۶۸ | ۷۹ |
| ۷۲ | ۷۵ | ۸۴ | ۶۹ |
| ۸۱ | ۷۰ | ۷۱ | ۷۶ |

## ٹانگ کے درد کے لیے

اگر کسی کی ٹانگوں میں درد ہو کسی طرح آرام نہ آتا ہو رات کو سوتے وقت یہ درد شدید ہو جاتا ہو تو اس کو دور کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ چینی کی پلیٹ پر لکھے اور خالص روغن زیتون سے اس کو دھو کر کسی چیز میں ڈال لے اس کے بعد ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ہر روز رات کو سونے سے پیشتر اس تیل کی مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## جنگ میں کامیابی

جو کوئی کفار کے مقابلے میں جنگ لڑ رہا ہو کفار کی شکست کے لیے بے جگری سے لڑ رہا ہو اسے چاہیے کہ جنگ میں کامیابی کے لیے جب بھی موقع

ملے بکثرت سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس کا ورد کرتا رہے۔ بفضل باری تعالیٰ دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا وہ میدان جنگ میں محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ وامان میں رکھے گا اور جنگ میں کامیابی سے نوازے گا۔ کامیابی وکامرانی اس کے قدم چومے گی اور وہ فاتح کی حیثیت سے واپس آئے گا۔ میدان جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے آزمودہ عمل ہے۔

## حاجات کے لیے

نیک اور جائز جلد حاجت روائی کے لیے جمعۃ المبارک کے دن نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی اور جو بھی حاجت ہے وہ جلدی پوری ہو جائے گی۔

## دکھتی آنکھوں کے لیے

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو جائیں یا دکھتی ہوں، آنکھوں سے پانی بہتا ہو یا سو کر اٹھے تو آنکھوں کے پپوٹے آپس میں چپک جاتے ہیں تو ایسی صورت میں باوضو حالت میں بارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے اس کے علاوہ پانی بھی دم کرے اس پانی سے مریض اپنی آنکھیں دھوئے تین دن تک بلاناغہ اس عمل سے بفضل باری تعالیٰ آنکھوں کو شفا ہوگی اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔



## دشمنی ختم کرنا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی دشمن کے ساتھ صلح ہو جائے تاکہ کسی طرح سے دشمنی کا خاتمہ ہو جائے۔

اس کا دشمن ایسا نہ چاہتا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب الرحمٰن الرحیم پر پہنچے تو اس کی اکیس مرتبہ تکرار کرے اور سورۃ مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے دل میں بھی رحم دلی کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ دشمنی ختم کر کے صلح کی طرف مائل ہوگا۔

## دل کے امراض

اگر کوئی دل کے عارضہ میں مبتلا ہو اور شفا کے حصول کے لیے کوشاں ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ ہر نماز عشاء کے بعد تنہائی میں باوضو ہو کر بیٹھے اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ شروع کرتے ہوئے الحمد للہ کی اکیس مرتبہ تکرار کرے اور پھر سورۃ مکمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم تک اسی طرح کرے۔

سات یوم میں ہی افاقہ ہوگا۔ سات یوم کے بعد بھی اس عمل کو جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ دل کے تمام امراض سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ وامان میں رکھے گا۔

## رزق میں برکت کے لیے

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہوگئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نمازِ فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر سورۂ فاتحہ لکھے اس کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگادے یا مال تجارت میں رکھ دے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔ سورۂ فاتحہ کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

## سر درد کے لیے

ہر طرح کے سر درد میں شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں پاک وصاف جگہ پر بیٹھ کر ایک سو پچیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور سرسوں کے خاص تیل پر دم کرے اس تیل میں سے سر درد کے مریض کو سر میں لگائے اور خوب اچھی طرح مالش کرے اس کے ساتھ ہی تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر سر پر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سورۂ فاتحہ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور سر درد کی شکایت جاتی رہے گی۔

## صالح اولاد

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی اولاد نیک اور صالح پیدا ہو اس کے لیے باعث فخر ہو اسے چاہئے کہ جب اس کی بیوی کو حمل قرار پاجائے تو حمل کے قرار پانے کے



وقت سے بچے کی ولادت کے دن تک ہر روز کسی ایک وقت باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ بلاناغہ ہر روز یہ عمل کرے اس کے علاوہ ہر روز جب بھی اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے تو پاک صاف پانی دم کر کے یہ دم کیا ہوا پانی اپنی بیوی کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کے ہاں نیک اور صالح اولاد پیدا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

## علوم میں کشائش

اگر کوئی یہ خواہش اور شوق رکھتا ہو کہ اس کے علم میں اضافہ ہو تمام دینی و دنیوی علوم پر اسے دسترس حاصل ہو جس بھی علم کے بارے میں وہ مطالعہ کرے وہ علم اسے ذہن و حافظے میں محفوظ ہو جائے اور جب بھی ضرورت محسوس ہو وہ علم اس کے لیے فائدہ مند ثابت ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز تہجد پڑھا کرے اور نماز تہجد کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا جملہ علوم دینی و دنیوی میں اس کو دسترس حاصل ہوگی۔

## قوت حافظہ میں اضافہ

جس کسی کا حافظہ بہت ہی زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو حافظہ کی مضبوطی کی لیے باوضو ہو کر چینی کی پلیٹ میں سورۂ فاتحہ لکھے اور خالص عرق گلاب یا پانی سے دھو کر ہر روز پیئے۔ سورۂ فاتحہ زعفران سے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا حافظہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے یہ عمل بہت ہی

فائدہ مند ہے۔

## کالی کھانسی کے لیے

اگر کسی کو کالی کھانسی کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس میں شافی آرام حاصل کرنے کے لیے باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اول و آخر پچاس پچاس مرتبہ درود پاک پڑھے اور خالص روغن چنبیلی پر دم کرے مریض کو دے کہ رات کو سونے سے قبل اس کی مالش کرائے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر کھانسی سے آرام آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

## کھیل میں کامیابی

کھیل میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھیل میں کامیابی نصیب ہو گی اور بفضل باری تعالیٰ کھیل میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کی توفیق عطا ہو گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ کھیل خلاف شرع نہ ہو۔ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ سرفرازی نصیب فرمائے گا۔

## گمشدہ چیز کی بازیابی

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور تلاش بسیار کے باوجود نہ مل رہی ہو اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس گمشدہ چیز کے حصول کی



غرض سے ہر روز باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز دستیاب ہو جائے گی۔

## لاعلاج مریض کے لیے

ایسا مرض جو کسی بھی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو مریض علاج کروا کر تنگ آچکا ہو مگر بالکل بھی افاقہ نہ ہوتا ہو تو ایسے مریض کے لیے باوضو حالت میں چینی کی ایک پلیٹ پر گلاب و زعفران یا مشک سے سورۃ فاتحہ لکھے یا حیّ حین لاحی فی دیمومته ملکته وبقائه یا حیّ یہ لکھنے کے بعد پلیٹ کو پاک وصاف پانی سے دھوئے اور مریض کو یہ پانی پلا دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض کو شفا حاصل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور بیماری جاتی رہے گی یہ عمل بلاناغہ ہر روز کرے۔ جب تک شفا نہ ہو اس وقت تک روزانہ یہ پانی پلائے نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

## مضبوطیٔ قلب

جس کا دل کمزور ہو یعنی معمولی سا بھی کوئی واقعہ برداشت نہ کر سکتا ہو اور خوف و دہشت کا شکار ہو جاتا ہو کافی دیر تک اس واقعہ کا اثر اپنے اوپر محسوس کرتا ہو اپنی اس کمزوری اور قلبی کیفیت کی وجہ سے بہت پریشان رہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے کہ اللہ تعالیٰ اسے مضبوط دل عطا فرمائے اس سے خوف و ہراس دور فرمائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت

کی سند حاصل کرے گی اور اطمینان وسکون نصیب ہوگا۔

## مرگی کا علاج

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے ایک شخص کو مرگی کے لیے یہ علاج بتایا کہ باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور اسے اس طریقہ سے بیمار استعمال کرے کہ ہر روز کھانے سے پہلے اور بعد اور سونے سے پیشتر اور جاگنے کے بعد گویا روزانہ چھ بار نمک چکھ لیا کرے اگر مرض میں افاقہ دکھائی دے تو بھی نمک کا استعمال تین ماہ تک جاری رکھا جائے۔ اگر مریض یہ عمل پابندی سے کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات پا جائے گا۔

## میاں بیوی میں محبت

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو آپس میں سلوک ومحبت نہ ہو ہر وقت جھگڑے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے پھر چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارک اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے اور پھر سورۃ مکمل کرے۔ اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار ومحبت میں بدل جائے گی دونوں کے مابین سلوک واتفاق کی فضا قائم ہوجائے گی۔



## نسیان کے لیے

جو کوئی بھول جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو مرض نسیان کا شکار ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو چاہئے کہ اکیس یوم تک ہر روز بلاناغہ باوضو حالت میں اکہتر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی پی لے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مرض نسیان دور ہوجائے گا بھول جانے کی شکایت جاتی رہے گی اس کا حافظہ قوی ہوجائے گا۔

## نظر اتارنے کے لیے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہوئی ہو تو اس کو اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر درود پاک پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظر بد ختم ہوجائے گی۔

## پریشانی سے نجات

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آ گئی ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو نجات کی کوئی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہئے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اسی جگہ پر بیٹھا رہے اور اکتالیس مرتبہ روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ سورۂ فاتحہ پڑھتے وقت اپنا سر سجدے میں رکھے اور مسجد میں ہی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس پر سے مصیبت ہٹا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا تین

دن کے اندر پوری ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور اس پر سے مصیبت کو ٹال دے گا۔

## مراق، سودا کے لیے

اس مرض سے مکمل طور پر صحت یابی کے لیے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں ہی افاقہ ہوگا۔ اس کے علاوہ نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص اور سات مرتبہ اول وآخر درود پاک پڑھ کر پانی پر دم کر کے اکتالیس یوم تک پلایا جائے۔ آغاز میں اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھا جائے بفضل باری تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## گمشدہ کی تلاش

اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست کہیں گم ہو گیا ہو تلاش کے باوجود نہ مل رہا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ ہو کہ وہ کہاں گیا ہے تو ایسی صورت میں چند آدمی باوضو ہو کر پاکیزہ لباس پہنیں اور ایک جگہ پر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں۔ گیارہ سو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں گمشدہ جہاں بھی ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ واپس آجائے گا تین یوم تک برابر یہ عمل کریں اس دوران گمشدہ کی واپسی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور اس



کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں پر ہے۔

## خوش قسمتی کے لئے

کشادہ بختی کے لئے ہر جمعہ کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دعا مانگے سات ہفتہ تک اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے اور کشادہ بخت ہو جائے گا۔

## فراخیٔ رزق کے لیے

روزی میں خیر وبرکت اور اضافے کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنا فوری طور پر فائدہ پہنچاتا ہے اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لیے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نماز مغرب اور عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اول وآخر درود پاک پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ سورۃ فاتحہ اور چالیس بار حضرت عیسٰی علیہ السلام کی یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۔ اس کے بعد اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا

یَحۡتَسِبُ وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ قَدۡجَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡئٍ قَدۡرًا

اس کے پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا قاضی الحاجات پڑھے جب یہ پڑھ چکے تو ایک سو مرتبہ یَارَازِقُ الْمقلین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہوگی اور کمی رزق کی شکایت جاتی رہے گی اگر سورۃ فاتحہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ سکے تو پھر ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر بھی عمل مکمل کر سکتا ہے۔

## شیطان کے شر سے بچاؤ کے لیے

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے اور نیکی کے راستے پر گامزن ہونے کی غرض سے ہر روز نماز مغرب کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شر شیطان سے بچاؤ کے لیے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شیطان کے شر سے بچاؤ رہے گا اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہوگی اور اللہ تعالیٰ صراط مستقیم یعنی سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

## عبادت میں لطف حاصل کرنا

اکثر لوگوں کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ ان کو عبادت میں توجہ ویکسوئی حاصل نہیں ہوتی، عبادت میں مزہ نہیں آتا شیطان تنگ کرتا ہے جس کی وجہ سے طبیعت بوجھل سی محسوس ہوتی ہے اس قسم کی شکایت رفع کرنے اور عبادت میں



لطف حاصل کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ بارگاہ الٰہی میں دعا قبول ہوگی۔ ہر روز بلاناغہ تعداد کے مطابق سورۃ فاتحہ کا پڑھنا عبادت گزار اور شب بیداری کا عادی بنادیتا ہے عبادت کرنے میں لطف وسرور حاصل ہوتا ہے۔ توجہ یکسوئی عطا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ عبادت گزار بندے پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرماتا ہے۔

## زخم ٹھیک کرنے کے لیے

ایسا زخم جو پھنسی کی وجہ سے بن گیا ہو اور کسی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ اول وآخر درود پاک پڑھے اور تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے تین دن میں دو مرتبہ صبح اور شام دم کرے۔ بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ زخم مندمل ہونا شروع ہو جائے گا اور مکمل آرام آجائے گا۔

## زہر کے لیے

اگر کسی نے قصداً یا غلطی سے کوئی زہریلی چیز کھالی ہو جس کی وجہ سے حالت غیر ہوگئی ہو تو باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور مریض کو کھلا دے اس کے علاوہ تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر ہر روز مریض کو دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر زائل ہو جائے گا اور مریض کو شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

# روزگار میں ترقی

بے روزگار افراد کے لیے یہ عمل بہت ہی نافع ہے ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لیے سورۃ فاتحہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کی عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے ہر روز جب سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر ذیل میں دی ہوئی دعا تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کے حصول کے لیے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیاً ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی دعا یہ ہے۔

یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ مُسَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ وَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ۔

اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔اس عمل کی برکت سے بے روزگار افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔



# حاجات کے لیے

دینی و دنیوی حاجت روائی کی غرض سے سورۃ فاتحہ کو اس ترتیب سے پڑھنا بھی جلد اثر دکھاتا ہے اس مقصد کے لیے یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے دینی و دنیوی کوئی بھی حاجت ہو اس عمل کی برکت سے پوری ہو جاتی ہے یہ عمل بھی چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو شروع کرے اور سات یوم تک بلاناغہ کرے پاکیزہ حالت میں صاف ستھرا لباس پہنے اور ہزار ایک ہی وقت مقرر پر پڑھے۔وقت مقرر کرے جس وقت آسانی سے پڑھ سکتا ہے پڑھنے سے قبل اس بات کا دھیان رکھے کہ اگر دینی حاجت کے لیے پڑھ رہا ہے تو پھر قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اگر دنیوی حاجت ہے تو اپنا رخ جنوب کی طرف کر کے بیٹھے توجہ اور یکسوئی کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے، پڑھنے کے دوران کسی سے کلام نہ کرے اور نہ ہی کوئی دوسرا اس سے کلام کرے ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ جہاں پر کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو سورۃ فاتحہ پڑھنے سے پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب سورۃ فاتحہ مقررہ تعداد کے مطابق پڑھ لے تو پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے یعنی ہر روز سورۃ فاتحہ کی آیت مبارک مقررہ تعداد میں پڑھنے کے لیے اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک ضرور پڑھے۔

اب اتوار کے دن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ

پانچ سو مرتبہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اور ایک سو مرتبہ آمین کہے

اگلے ررز پیر کے دن ۵۵۶ بار پڑھے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور سو مرتبہ آمین کہے

منگل کے دن ۲۱۱ بار پڑھے

مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْن اور سو مرتبہ آمین کہے

بدھ کے دن ۸۷۶ بار پڑھے

اِیَاکَ نَعْبُدُوَ اِیَاکَ نَسْتَعِیْن اور سو مرتبہ آمین کہے

جمعرات کے دن ۱۰۴۰ بار پڑھے

اِھْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم اور سو مرتبہ آمین کہے

جمعہ کے دن ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھے

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنعَمْتَ عَلَیْھِمْ اور سو بار آمین کہے

ہفتہ کے دن ۷۰۴ مرتبہ یہ پڑھے

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اور سو بار آمین کہے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایک ہفتہ کے اندر اندر جو بھی دینی و دنیوی حاجت یا مشکل ہوگی وہ حل ہو جائے گی۔

عمل مکمل کرنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کریگی حاجت روائی کے لیے یہ عمل بہت پر اثر ہے اور جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔



## درد میں افاقہ

جسم کے کسی بھی حصہ میں ہونے والے درد سے شفا حاصل کرنے کے لیے اکہتر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور جس مقام پر درد ہے وہاں پر دم کرے۔ بفضل باری تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے آرام آجائے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ تین یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اگر تین دن تک آرام نہ آئے تو سات یوم تک برابر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہو جائے گا۔

## دشمن پر غلبہ

جس کا دشمن کمینہ اور ظالم ہو ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو تو اس پر غلبہ پانے کی غرض سے ہر روز نماز ظہر کے بعد چودہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن مغلوب ہوگا کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے گا۔

## خاوند کی محبت کے لیے

اگر کسی کا خاوند بری عادات کا شکار ہو کر راہ راست پر نہ آتا ہو گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز خاوند کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے بھٹکا ہوا خاوند راہ راست پر آجائے گا اس کی بری عادات چھوٹ جائیں گی

## حاجت روائی

اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو کہ جس کے پورا ہونے میں کوئی رکاوٹ ڈالتا ہو اور وہ حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو جلد اور فوری حاجت روائی کی غرض سے چاند کی پہلی جمعرات کی نماز عشاء کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک یہ عمل کرے اور ہر روز عمل مکمل کرنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر حاجت روائی ہوگی اور اس سلسلے میں جو بھی رکاوٹ ہوگی وہ رفع ہو جائے گی۔

## بخار کے لیے

بخار سے چھٹکارہ کے لیے بھی سورۃ فاتحہ پڑھنا فائدہ مند ہے۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیانی وقفہ میں سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا پڑھنا نہایت مجرب ہے اس سے معلوم ہوا کہ سورۃ فاتحہ سے بخار کا بھی شافی علاج ہو جاتا ہے۔

## بخشش طلب کرنا

جو کوئی اپنے آپ کو بہت زیادہ گنہ گار سمجھتا ہو اور گناہوں سے تائب ہو کر سیدھی راہ پر آنا چاہتا ہو اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طلبگار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد جس قدر بھی ہو سکے سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اس کی دعا قبول

ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظر عنایت فرمائے گا اس کو نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا اور اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے گا۔

## قرض کی ادائیگی

قرض سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے فجر کی نماز کے بعد ہر روز بلاناغہ ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد دعا مانگے کہ یا اللہ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل مجھے قرض کے بوجھ سے نجات عطا فرما اور قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما۔ بفضل باری تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں کے عمل سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پردہ غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور قرض کے بوجھ سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

## اسقاط حمل سے بچاؤ

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اسے خدشہ ہو کہ کہیں اسقاطِ حمل نہ ہو جائے تو اس مقصد کے لئے کہ حمل قائم رہے باوضو حالت میں زعفران کے ساتھ سورۃ فاتحہ کا ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر پانی میں گھولے اور حاملہ کو پلائے۔ بفضل باری تعالیٰ حمل ساقط نہ ہوگا اور بچہ تندرست حالت میں پیدا ہوگا اور دیگر آفات و بلیات سے بھی محفوظ رہے گا۔



## اولاد کے لیے

جو کوئی بے اولاد ہو اور اولاد کی خواہش رکھتا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ چالیس دن تک بلاناغہ نماز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفہ میں سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

## اچھے برتاؤ کے لئے

جو کوئی کسی ایسی جگہ یا ایسے شہر میں کسی کام کے غرض سے گیا ہو جہاں پر اس کی کوئی واقفیت نہ ہو وہاں پر انجان لوگوں سے اس کا واسطہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز ظہر کے بعد اکسٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی اس سے ملے گا اچھا سلوک کرے گا اور عزت و احترام سے پیش آئے گا۔

## بیماری سے شفا

ہر قسم کی بیماری میں شفا حاصل کرنے کے لیے سورۃ فاتحہ سے مدد لینا جلد صحت یابی کا باعث ہے ایسی بیماری جو کسی بھی علاج سے ٹھیک نہ ہوتی ہو وہ بھی دور ہو جاتی ہے اور مریض کو مکمل طور پر آرام آ جاتا ہے ہر طرح کے مرض میں شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر زعفران اور عرق گلاب سے سورۃ فاتحہ اور آیات شفا لکھے اور تعویز کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دے پھر ہر روز چینی کی صاف پلیٹ پر سورۃ فاتحہ اور آیات شفاء اوّل سے آخر

تک لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا آیات شفایہ ہیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝

وَيَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۝

وَتُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

## اولاد کی زندگی

اگر کسی کی اولاد پیدائش کے بعد تھوڑا عرصہ زندہ رہتی ہو تو اس کی زندگی کے لئے چاہئے کہ جب پیدا ہو جائے تو نیلے رنگ کا چار تار کا سوت لے اور اس کا دھاگہ بنائے اس دھاگہ پر اکیس گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اکیس اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا دھاگہ بچے کے گلے میں تعویز کی طرح ڈال دے بفضل باری تعالیٰ بچہ ہر طرح کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور بچے کی عمر طویل ہوگی۔

## آفات وبلیات سے نجات

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات وبلیات سے محفوظ رہے کسی بھی مصیبت میں مبتلا نہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ



کی برکت سے اس پر اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا ہر طرح کی آفات وبلیات سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اس پر مہربانی فرمائے گا۔

## بلند مرتبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے بلند مرتبہ حاصل ہو اللہ تعالیٰ اسے خاص فضل وکرم سے نوازے اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں ہو، اسے عبادت الٰہی کی توفیق عطا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز تہجد کے لیے اٹھا کرے اور نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد توجہ ویکسوئی کے ساتھ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے پھر بارگاہ ایزدی میں عاجزی اور انکساری سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور جس مقصد کے لیے عمل کرتا ہے وہ بفضل باری تعالیٰ ضرور پورا ہوگا۔

## حاجت کے لیے

اگر کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز عصر کے بعد تین سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے اور دل میں اپنے کام کی نیت رکھے جب پڑھے تو خلوص دل کے ساتھ پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چند دنوں میں ہی حاجت روائی ہوگی اور حاجت پوری ہو جائے گی جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ عمل ہر روز بلا ناغہ جاری رکھے انشاء اللہ مایوسی نہ ہوگی چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ مبارک کلمات یہ ہیں۔ یَاحَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اس سخت کام کو آسان بنا بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

## حافظہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے حافظہ کو اس قدر تقویت دے کہ وہ آسانی سے قرآن پاک حفظ کر سکے اور دین کے بارے میں علوم با آسانی سمجھ کر یاد کر سکے تو اس کو چاہئے کہ وہ ہر نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کا حافظہ مضبوط ہو جائیگا اور جو بھی یاد کرنا چاہے گا آسانی سے کر سکے گا۔

## درد قولنج سے بچاؤ

جس کسی کو درد قولنج کا عارضہ لاحق ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔ ہر روز بلا ناغہ اس طرح دم کر کے پانی پلائے جب تک مکمل آرام نہ آجائے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور قولنج کا درد جاتا رہے گا۔

## دل کی گھبراہٹ کے لیے

اگر کسی مریض کا دل گھبراتا ہو اور وہ سخت بے چینی محسوس کرتا ہو طبیعت میں ہیجانی سی کیفیت پیدا ہو جاتی تو چاہئے کہ باوضو حالت میں 22 مرتبہ سورۃ فاتحہ توجہ و یکسوئی کی ساتھ پڑھ کر خالص عرق گاؤزبان پر دم کرے اور مریض کو دن میں تین مرتبہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کے دل کی گھبراہٹ دور ہو جائیگی۔



## دماغ کی کمزوری

دماغی کمزوری کو دور کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنا بہت فائدہ دیتا ہے اس کے علاوہ باوضو حالت میں زعفران کے ساتھ چینی کی صاف پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھے اور دماغی کمزوری والے کو جب بھی پانی پینے کی حاجت ہو اس میں سے پینے کے لیے کہے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور دماغی کمزوری کی شکایت جاتی رہے گی اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے دماغ کو تقویت سے نوازے گا اور مضبوطی عطاء فرمائے گا۔

## دینی و دنیاوی حاجات کے لئے

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز مراد جو پوری نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد مسجد میں سر رکھ کر سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو اس کی اکیس مرتبہ تکرار کرے پھر سورۃ مکمل کر کے سجدہ سے سر اٹھائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز دلی مراد بہت جلد پوری ہوگی۔

## دشمن پر غلبہ

دشمن کے مقابلہ میں فتح و نصرت حاصل کرنے اور دشمن پر غلبہ پانے کے لیے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ۳۱۳ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ دشمن کو شکست فاش ہوگی اور وہ راہ فرار اختیار

کرنے پر مجبور ہوگا کفار کے ساتھ جنگ کے موقع پر سورۃ فاتحہ اس طریقہ سے پڑھ کر دعا مانگنا فتح ونصرت سے ہم کنار کرتا ہے۔

## جملہ حاجت روائی

جو کوئی اپنے ورد میں سورۃ فاتحہ کو رکھے اس کو چاہئے کو وہ سورۃ فاتحہ کے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور حفاظت سے رکھے یعنی اس کی بے ادبی نہ ہونے دے۔ ادب کے تقاضے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پاکی پلیدی کا خاص طور پر خیال رکھے جو کوئی اس نقش مبارک کو اپنے پاس رکھے گا بفضل باری تعالیٰ اس کے عمل کا اثر بہت جلد ہوگا۔ یہ نقش پاک فوری اور جلد اثر دکھانے [illegible] مجرب ہے اس نقش کو اپنے پاس رکھنے والا ہر بلا ومصیبت سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اسے اپنے حفظ وامان میں رکھے گا کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اس کی برکت سے جملہ نیک حاجات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس سے پوری ہوں گی۔ اس نقش کو لکھنے کا طریقہ ہے کہ اس کو شرف آفتاب میں یا چاند کے مہینے کے عروج میں اتوار کی پہلی ساعت میں باوضو حالت میں مشک وگلاب وزعفران سے لکھے اس کے بعد اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر ایک جلسہ میں ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس نقش پر اور اپنے اوپر دم کرے اس دوران جب سورۃ فاتحہ پڑھ رہا ہو توجہ اور یکسوئی سے پڑھے اور کسی کے ساتھ کلام نہ کرے جب عمل مکمل کرلے تو پھر اس نقش کو دھونی دے کر معطر کر کے تعویز بنائے اور اپنے بازو پر باندھ لے پھر ہر روز سورۃ فاتحہ کو پڑھنے کی ایک تعداد مقرر کرلے اور ہر روز اسی



تعداد کے مطابق سورۃ فاتحہ پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرے پڑھنے کی تعداد کم از کم اکیس مرتبہ اضافہ کے حساب سے ضرور پڑھے اس سے کم نہ ہو یاد رہے کہ سورۃ فاتحہ کے کل اعداد معہ بسم اللہ وآمین کے دس ہزار دو سو اڑتالیس ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم الله الرحمٰن الرحيم ۱۹۸۶ | مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اياكَ نعبدو اياكَ نستعين ۱۰۷۸ | اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم ۲۸۸۰ | غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين ۴۳۰۴ |
| اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم ۲۸۸۱ | غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين ۴۳۰۳ | بسم الله الرحمٰن الرحيم الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم ۱۹۸۷ | مالكِ يوم الدين اياكَ نعبد واياكَ نستعين ۱۰۷۷ |
| غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين ۴۳۰۲ | اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم ۲۸۷۸ | مالكِ يوم الدين اياكَ نعبد واياكَ نستعين ۱۰۸۰ | بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم ۱۹۸۸ |
| مالك ويوم الدين اياكَ نعبد واياكَ نستعين ۱۰۷۹ | بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم ۱۹۸۹ | غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين ۴۳۰۱ | اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم ۲۸۷۹ |

نوٹ:۔ نقش لکھتے ہوئے صرف عربی لکھیں۔ اعداد نہیں لکھیں۔ اعداد چال کو ظاہر کرنے کے لیے دیئے گئے ہیں۔

## عشرہ مبشرہ کے برگزیدہ صحابہ کرامؓ

# حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

☆ آپؓ نے جب اسلام قبول کیا تو آپؓ کی عمر صرف انیس برس تھی۔ اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے مکہ میں ہی قیام کرلیا تھا۔ اس وقت مکہ کی حالت بڑی عجیب وغریب تھی اور اسلام قبول کرنے والوں کے لیے مکہ کی فضا انتہا درجہ کی خطرناک تھی جو لوگ اسلام قبول کرتے تھے، کفار کی طرف سے ان پر طرح طرح کے مظالم اور ستم ڈھائے جاتے تھے اور اسلام قبول کرنے والوں کو اسلام سے منحرف کرنے کے لیے ہر طرح کے مظالم سے کام بھی لیا جاتا تھا گویا مکہ کی فضا ان لوگوں کے لیے جان لیوا اور ظلم و استبداد سے بھری ہوئی تھی۔ چاروں طرف سے مصائب وسختیوں کے طوفان کھڑے کردیئے گئے تھے۔

☆ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کفار کے ظلم وستم اور ان کے ناروا سلوک سے کس حسن و خوبی سے نبرد آزما ہوئے وہ الفاظ پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔

☆ اسلام کی حمایت میں یہ پہلی خون ریزی تھی جو حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی طرف سے ظہور پذیر ہوئی۔ اس کے بعد جن حالات سے گزرے وہ سب اس کتاب میں آپ کو ملیں گے۔ اس کتاب میں آپؓ کی جرأت و بہادری اور ایمان افروز زندگی کے چیدہ چیدہ واقعات ہیں۔ جن کا مطالعہ آپ کے لیے بے حد مفید ہے۔

● چھپ کر تیار ہے، آج ہی طلب فرمائیں ● صفحات 96

شمع بک ایجنسی نوید اسکوائر اردو بازار کراچی

Ph: 2773302




اسلم راہی
ایم اے


عشرہ مبشرہ جن کو زندگی میں جنت کی بشارت دی گئی
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ


عشرہ مبشرہ جن کو زندگی میں جنت کی بشارت دی گئی
حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ